CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | جمعرات، 25 جون 2026ء 9 محرم الحرام 1448ھ (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 173

بلاول

وزیراعظم اپنے وزیروں کو کنٹرول کریں

قومی اسمبلی کے اہم ترین اجلاس میں چیئرمین پیپلز پارٹی نے مولانا فضل الرحمان کی سیاسی ثالثی کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہوئے تمام ملکی مسائل کے پرامن حل پر زور دیا

بلاول بھٹو کا ایم کیو ایم کو وفاقی حکومت سے علیحدہ ہونے کا مخلصانہ مشورہ، وفاق کے بجائے سندھ پر تنقید اور بلدیاتی ترامیم کے نام پر غلط بیانی بند کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم اپنے وزیروں کو کنٹرول کریں، یہ کوئی وزیر ہے جو راولاکوٹ والوں کو کشمیری نہیں کہتا پھر شرمندہ بھی نہیں، کابینہ میں بھی موجود ہے، یہ بیان آگ پر تیل ڈالنے کی کوشش ہے، کوئی وزیر کہتا ہے ہم مہاجرین کی 12 نشستیں جیب میں رکھتے ہیں، یہ بھی سازشی رنگ ہے۔ قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے بلاول کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمٰن نے ثالثی کی پیش کش کی ہے، اسے تسلیم کرلیں، تمام مسائل کا حل سیاسی ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایم کیو ایم جان بوجھ کر غلط بیانی کررہے ہیں، یہ وفاق سے حق لینے کے بجائے سندھ سے حق لینا چاہتے ہیں، آپ کب تک وزیراعظم کی لالی پاپ پر چلیں گے؟ نکلو وفاقی کابینہ سے، بلدیا (بقیہ نمبر 1)





حماس کی جانب سے ایران اور امریکا کے درمیان ابتدائی معاہدے کا خیر مقدم

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے حماس کی سیاسی قیادت کے ایک سینئر رکن سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے جس میں ایران اور امریکا کے درمیان جاری مذاکرات، خطے کی تازہ صورتحال اور فلسطین (بقیہ نمبر 7)

خلع پر چوتھائی مہر واپسی، لاہور ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور ہائی کورٹ نے خلع اور حق مہر سے متعلق بڑا فیصلہ جاری کردیا۔ جسٹس مرزا وقاص رؤف نے خلع کی صورت میں حق مہر کی واپسی کے حوالے سے ایک اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے حق مہر کے قانون (بقیہ نمبر 6)

پاک ایران تجارت کا فروغ، تفتان ریلوے اسٹیشن لینڈ کسٹمز اسٹیشن قرار

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت کے فروغ کے لیے اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ریلوے اسٹیشن تفتان کی 75.11 ایکڑ اراضی کو لینڈ کسٹمز اسٹیشن قرار د (بقیہ نمبر 5)

اسرائیل کے جنگی جرائم UN رپورٹ نے عالمی تشویش بڑھا دی

اقوام متحدہ کے کمیشن نے رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ اسرائیل غزہ میں معصوم فلسطینی بچوں کو دانستہ طور پر نشانہ بنا رہا ہے

اسرائیلی فورسز کی کارروائیاں نسل کشی اور جنگی جرائم کے زمرے میں آتی ہیں جن سے پناہ گاہوں اور اسکولوں کو شدید نقصان پہنچا

جنیوا (فارن ڈیسک) اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کونسل کی جانب سے قائم کردہ ایک تحقیقاتی کمیشن نے اپنی تازہ رپورٹ میں کہا ہے کہ اسرائیل غزہ میں فلسطینی بچوں کو دانستہ طور پر نشانہ بنا رہا ہے، جس سے نسل کشی، جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم جیسے سنگین الزامات سامنے آتے ہیں۔ کمیشن کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فورسز نے ایسی کارروائیاں کی ہیں جن کے نتیجے میں بڑی تعداد میں بچوں کی ہلاکت، شدید جسمانی و ذہنی نقصان اور شہری آبادی کو وسیع پیمانے پر متاثر کیا گیا۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ حملے نہ صرف غزہ بلکہ مقبوضہ مغربی کنارے (بقیہ نمبر 4)

شہباز شریف اور مولانا میں دلچسپ جملوں کا تبادلہ

وزیراعظم نے مولانا کی آفر مسترد کی، ایوان میں قہقہے گونج اٹھے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مولانا صاحب سے بہترین تعلقات ہیں اور ہمیشہ شفقت فرماتے ہیں۔ نجی ٹی وی چینل جیو نیوز کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ میں مولانا صاحب کی پوری تقریر نہیں سن سکا، بیچ میں میں ایوان میں آیا تھا، آپ کے توسط سے مولانا صاحب کی خدمت میں جواب دوں گا، انہوں نے کہا کہ مولانا صاحب نے آخر میں جو ایک دو جملے فرمائے، وہ یقیناً ریکارڈ کا حصہ ہیں، میرا مولانا صاحب سے انتہائی احترام کا رشتہ ہے، میں ان کے ہاں اکثر ان کی قدم پاکستا (بقیہ نمبر 2)

قطر کا تاریخی اعلان، آبنائے ہرمز پر ایرانی تسلط کسی قیمت قبول نہیں

دوحہ: (ویب ڈیسک) قطر کے وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمان الثانی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے پر فیس لگانے کے ایرانی منصوبے کی حمایت نہیں کریں (بقیہ نمبر 3)

علیمہ خان کو بڑا جھٹکا، گواہ طلبی کی درخواست مسترد

عدالت نے وزرا اور میڈیا شخصیات کو بطور گواہ بلانے سے انکار کردیا

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں علیمہ خان کی جانب سے وفاقی و صوبائی وزرا، میڈیا شخصیات اور دیگر کی بطور گواہ طلبی کی درخواست مسترد کردی۔ قبل ازیں انسداد دہشت گردی عدالت میں علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر احتجاج کیس کی سماعت مکمل (بقیہ نمبر 8)

قومی اسمبلی نے 482 ارب روپے کی ضمنی گرانٹس منظور کرلیں

وزارتوں، ڈویژنوں اور محکموں کے اضافی اخراجات کی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قومی اسمبلی نے مختلف وزارتوں ڈویژنوں اور محکموں کے 482 ارب روپے ضمنی گرانٹس کی منظوری دے دی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب نے بجٹ سے متعلقہ دستاویزات کے مختلف جدول ایوان میں پیش کیے۔ جدول منظور شدہ اخراجات 2026/27، جد (بقیہ نمبر 9)

190 ملین پاؤنڈ کیس: عمران خان، بشریٰ بی بی کی اپیلیں مقرر

اسلام آباد ہائیکورٹ 29 جون کو اپیلوں پر باقاعدہ سماعت کرے گی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ کیس میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ نے 190 ملین پاؤنڈز کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی اپیلیں 29 جون (بقیہ نمبر 10)

ایران امریکا مذاکرات: پاکستانی وفد بھی اگلے مرحلے میں شریک ہوگا

دفتر خارجہ کا کہنا ہے مذاکراتی عمل کا جاری رہنا مثبت پیش رفت ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان ٹیکنیکل مذاکرات آئندہ ہفتے دوبارہ ہوں گے اور پاکستان کا وفد بھی ان مذاکرات میں شریک ہوگا (بقیہ نمبر 11)

ایوان کا تقدس یقینی بنانا سب کی ذمہ داری

خواجہ آصف

خواجہ آصف نے تمام ارکان پارلیمنٹ پر ایوان کا تقدس برقرار رکھنے کی ذمہ داری عائد کرتے ہوئے ماضی کی سیاسی غلطیوں کو درست کرکے جمہوری روایات بحال کرنے پر زور دیا

مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی نے ماضی کے تلخ سیاسی تجربات سے بہت بڑا سبق سیکھا ہے، میثاق جمہوریت میں اگر بہتری کی گنجائش ہے تو ضرور ترمیم کی جائے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ایوان کا تقدس یقینی بنانا ہر رکن کی ذمہ داری ہے۔ نجی ٹی وی چینل دنیا نیوز کے مطابق قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوے کی دہائی کی سیاست سب کے سامنے ہے، پی ٹی آئی دورِ حکومت میں ایوان میں کیا کیا نہیں ہوا؟ آئیں، اپنے ماضی کو درست کرکے ایوان کا تقدس بحال کریں۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ میثاق جمہوریت میں اگر کوئی بہتری کی گنجائش ہے تو اسے درست کریں، گزشتہ دور حکومت میں آدھے گھنٹے کے اندر 55 قوانین کو منظور کیا گیا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ وزیراعظم نے گزشتہ روز اپوزیشن سے ایوان میں بات کی، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن نے ماضی سے سبق سیکھا، پی ٹی آئی دور میں کوئی بھی ہمارے میز پر نہیں آتا تھا کہ بانی ناراض نہ ہوجائیں، بانی پی ٹی آئی کے دورِ حکومت میں اپوزیشن سے کبھی بھی بات نہیں کی گئی۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ پی ٹی (بقیہ نمبر 12)

قومی اسمبلی میں سپیکر اور اپوزیشن لیڈر آمنے سامنے

سپیکر ایاز صادق نے حوالدار کہنے پر اپوزیشن کو سخت جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ باوقار عہدہ تاحیات نہیں ہوتا

قومی اسمبلی کے اجلاس میں سپیکر نے شکوہ کیا کہ اپوزیشن کو دوگنا وقت دینے کے باوجود باہر جا کر گلہ کیا جاتا ہے



اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قومی اسمبلی اجلاس میں سپیکر اور اپوزیشن لیڈر آمنے سامنے آگئے، سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے اپوزیشن لیڈر کو آج بھی جوابی رد عمل دیا۔ نجی ٹی وی چینل جیو نیوز کے مطابق سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ 98 میں پی ٹی آئی چھوڑ دی تھی، 2001 میں ن لیگ جوائن کی تھی، اقتدار کی پارٹی کو جوائن نہیں کیا تھا اسے جوائن کیا جو مشکل میں تھی۔ سپیکر قومی اسمبلی نے شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے مجھ پر بات کی اور کہا تم حوالدار ہو، میں دو حوالداروں کو (بقیہ نمبر 30)

کراچی میں بھتہ خوروں کے خلاف کارروائی، ایک ملزم زخمی گرفتار

شریف آباد میں فائرنگ کے تبادلے کے بعد اسلحہ اور سامان برآمد

کراچی (نیوز ڈیسک) شریف آباد کے علاقے میں ایس آئی یو پولیس اور بھتہ خوری میں ملوث ملزمان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، جس کے دوران ملزمان نے پولیس پار (بقیہ نمبر 14)

نوجوانوں کو لینے والا نہیں دینے والا بنایا: مریم نواز

حکومت پنجاب پانچ لاکھ سے زائد نوجوانوں کو عالمی منڈی کی ضروریات کے مطابق جدید فنی تربیت فراہم کررہی ہے

بیرون ملک روزگار کے لیے جدید مہارتوں کا حصول ناگزیر ہے، غیر ہنرمند افرادی قوت کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ نوجوانوں کو لینے والا نہیں بلکہ دینے والا بنایا ہے، ہنرمند نوجوان نہ صرف اپنے خاندانوں کی بہتر کفالت کرسکتے ہیں بلکہ ملک وقوم کا قیمتی سرمایہ بھی ہیں۔ نجی ٹی وی چینل دنیا نیوز کے مطابق مریم نواز نے پرواز کارڈ پروگرام کے تحت تربیت مکمل کرنے والے نوجوانوں سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں مبارکباد دی اور کہا کہ تربیت مکمل کرنے والے طلبا کو دیکھ کر خوشی ہورہی ہے، انہو (بقیہ نمبر 13)

مودی کی خارجہ پالیسی پر تنقید، بھارتی میڈیا نے سوالات اٹھا دیے

دی پرنٹ اور اپوزیشن رہنماؤں نے سفارتی حکمت عملی پر تحفظات ظاہر کیے

نیو دہلی (نیوز ڈیسک) بی جے پی کے کٹھ پتلی بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی بدترین خارجہ پالیسی کے نتیجے میں سنجیدہ سفارت کاری محض سوشل میڈیا تماشا بن کر رہ گئی ہے۔ مودی کی عالمی سطح پر موجودگی کے باوجود بھارت کے سفارتی تعلقات کمزور ہونے لگے۔ امریکا (بقیہ نمبر 15)

محسن نقوی اور ایرانی وزیر داخلہ کی اہم ملاقات

دونوں رہنماؤں کا خطے میں امن، استحکام اور تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی کے درمیان اہم ملاقات ہوئی جس میں پاک ایران تعلقات، خطے کی سکیورٹی صورتحال اور حالیہ امن پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات (بقیہ نمبر 16)

پولیس کے مختلف مقابلے، 5 زخمی سمیت 8 ڈاکو گرفتار

پاک کالونی، گلبرگ، شارع فیصل اور ایس آئی یو کی کارروائیاں، اسلحہ ومنشیات برآمد

کراچی (نیوز ڈیسک) پاک کالونی، گلبرگ، ایس آئی یو اور شارع فیصل پولیس نے مبینہ مقابلوں میں 5 زخمیوں سمیت 8 ڈاکوؤں کو گرفتار کرکے اسلحہ، منشیات اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پاک کالونی پولیس نے منگل اور بدھ کی درمیانی شب پرانا گولیمار کالا گیٹ (بقیہ نمبر 17)

نیول چیف کا دوٹوک مؤقف، جدید جنگوں کیلئے ٹیکنالوجی ناگزیر

ایڈمرل نوید اشرف نے میری ٹائم سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے پر زور دیا

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ مستقبل کی جنگوں کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ افرادی قوت ناگزیر ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیف (بقیہ نمبر 23)

ادا کار پرکاش راج کے خلاف ناقابلِ ضمانت وارنٹ جاری

عدالت نے متعدد ووٹر شناختی کارڈز کیس میں پیش نہ ہونے پر کارروائی کی

ممبئی (نیوز ڈیسک) بھارتی فلم انڈسٹری کے معروف اداکار پرکاش راج ایک قانونی معاملے میں مشکل میں پھنس گئے ہیں۔ بنگلورو کی ایک عدالت نے مبینہ طور پر ایک سے زائد ووٹر شناختی کارڈ رکھنے کے کیس میں ان کے خلاف ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کر دیے (بقیہ نمبر 24)

ایرانی ڈرونز کی پراسرار "جیلی فش فارمیشن"، امریکی پائلٹ کا حیران کن دعویٰ

تباہ شدہ ایف-15 کے پائلٹ نے غیر معمولی ڈرون حکمت عملی کا انکشاف کیا

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) ایران جنگ کے دوران تباہ ہونے والے امریکی ایف 15 لڑاکا طیارے کے ایک پائلٹ کے انکشافات نے دفاعی اور عسکری حلقوں میں نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ پائلٹ کا دعویٰ ہے کہ نشانہ بننے سے قبل اس نے ایرانی ڈرونز کو ایک غیر معمولی "جیلی فش فارمیشن" (بقیہ نمبر 25)

ایران کا آئی اے ای اے کو معائنہ کی اجازت دینے سے انکار

حملوں سے متاثرہ جوہری تنصیبات تک غیر ملکی رسائی روک دی گئی

تہران (نیوز ڈیسک) ایران نے عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کو حالیہ حملوں سے متاثرہ اپنی جوہری تنصیبات کے معائنے کی اجازت دینے سے انکار کردیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے واضح کیا ہے کہ فردو، نطنز اور اصفہان سمیت ان ایٹمی مراکز تک آئی اے ای اے کے معائنہ کاروں کی رسائی نہیں دی جائے گی جنہیں حالیہ امریکی اور (بقیہ نمبر 26)

لوئر دیر میں سکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی، چھ خوارج دہشت گرد ہلاک

لوئر دیر (نیوز ڈیسک) برچڑئی تالاش میں پولیس اور خوارج کے مابین جھڑپ کے دوران 6 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق، محکمہ انسداد دہشتگردی اور ضلعی پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ فتنۃ الخوارج کے دہشت گردوں کا گروہ ضلع دیر کی پہاڑیوں میں موجود (بقیہ نمبر 31)

کراچی: بھتہ خوری میں ملوث ملزم پولیس مقابلے کے بعد گرفتار

کراچی (نیوز ڈیسک) شریف آباد کے علاقے میں ایس آئی یو پولیس اور بھتہ خوری میں ملوث ملزمان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، جس کے دوران ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کی۔ جوابی کارروائی میں (بقیہ نمبر 35)

بچی کے ساتھ نازیبا حرکت کرنے والا ملزم چند گھنٹوں میں گرفتار

لاہور (نیوز ڈیسک) 7 سالہ بچی کے ساتھ نازیبا حرکت کرنے والا ملزم چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا گیا۔ ایس ایچ او مغلپورہ عرفان سخاوت نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو عمر کالونی سے گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے صبح کے وقت گلی میں کھیلتی ہوئی (بقیہ نمبر 32)

منتہیٰ زہرہ قتل کیس: مرکزی ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

سرگودھا (نیوز ڈیسک) 7 سالہ بچی منتہیٰ زہرہ کو زیادتی کے بعد قتل کرنے والا مرکزی ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق درندہ صفت ملزم نے گزشتہ روز سات سالہ منتہیٰ زہرہ کو زیادتی کے بعد بے دردی سے قتل کر دیا تھا۔ سی سی ڈی سرگودھا کی (بقیہ نمبر 33)

ایاز صادق اور اچکزئی میں تلخ جملوں کا تبادلہ

اپوزیشن لیڈر نے سپیکر کے مؤقف پر قومی اسمبلی میں جواب دے دیا



اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی میں سپیکر سردار ایاز صادق سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ کل آپ نے میری باتوں کا جواب دیا، آپ سپیکر ہیں آپ نے ہماری باتوں کا جواب نہیں دینا ہوتا، میں اخلاقیات کے دائرے میں آپ کی باتوں کا جواب (بقیہ نمبر 34)

مذاکراتی عمل جاری رکھنے کیلئے تیار، واشنگٹن سنجیدہ رویہ اختیار کرے، ایرانی سفیر

علی بحرینی کے مطابق ایران مذاکراتی عمل جاری رکھنے کے لیے تیار ہے تاہم امریکہ کو تعمیری رویہ اپنانا ہوگا

دونوں ممالک کے درمیان شدید اختلافات کے باوجود سفارتی ذرائع مذاکرات کو کامیاب بنانے کے لیے مسلسل رابطے میں ہیں

نیو یارک (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ میں ایران کے سفیر علی بحرینی نے کہا ہے کہ امریکی صدر ٹرمپ کی حالیہ دھمکیوں نے ایران اور امریکا کے درمیان سوئٹزر لینڈ میں جاری مذاکرات کو شدید خطرے سے دوچار کر دیا تھا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے (بقیہ نمبر 36)

متحدہ عرب امارات نے تاریخ کی پہلی مسافر ٹرین سروس کا شاندار آغاز کردیا

ابوظبی (نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات نے اپنی تاریخ کی پہلی مسافر ٹرین سروس کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے، جس کے ذریعے ملک کی مختلف ریاستوں کو جدید اور تیز رفتار ریلوے نظام کے تحت آپس میں جوڑا جارہا ہے۔ اس منصوبے کو یو اے ای کے ٹرانسپورٹ اور انفرا سٹرکچر کے شعبے میں ایک اہم سنگِ میل قرار دیا جارہا ہے۔ ابوظبی کے ولی عہد نے محمد بن زاید سٹی میں قائم نئے مسافر ریلوے اسٹیشن کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں حکومتی حکام اور منصوبے سے (بقیہ نمبر 38)

ایلون مسک کو ایک ہفتے میں 350 ارب ڈالر کا نقصان

اسپیس ایکس کے حصص میں گراوٹ سے مسک کی دولت میں بڑی کمی

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) دنیا کے امیر ترین شخص ایلون مسک کو صرف ایک ہفتے کے دوران تقریباً 350 ارب ڈالر کے بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا، جس کے بعد ان کی مجموعی دولت میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ امریکی مالیاتی جریدے کی رپورٹ کے مطابق ایلون مسک کی دولت میں یہ غیر معمولی کمی بنیادی طور پر ان کی کمپنی اسپیس ایکس کے حصص کی قیمت میں تقریباً 30 فیصد گراوٹ کے باعث ہوئی۔ چند روز قبل اسپیس (بقیہ نمبر 37)

خاتون کو ملے تحائف اسی کی ملکیت، سپریم کورٹ کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا ہے کہ شادی کے وقت کسی خاتون کو اس کے والدین، رشتہ داروں، شوہر یا سسرال والوں کی طرف سے اس کے ذاتی استعمال اور فائدے کے لیے دی گئی کوئی بھی جائیداد مکمل طور پر اسی کی ملکیت ہوتی ہے۔ ملکیت کا تعین نام سے نہیں بلکہ منتقلی کے پس پردہ نیت اور (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد کے سستے بازار میں آتشزدگی، سینکڑوں دکانیں خاکستر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی دارالحکومت کے سیکٹر ایچ نائن میں واقع ہفتہ وار سستا بازار میں خوفناک آتشزدگی کے نتیجے میں 335 دکانیں اور اسٹالز جل کر خاکستر ہوگئے جبکہ آگ پر قابو پانے کے لیے ریسکیو اور فائر بریگیڈ کی ٹیموں نے طویل جدوجہد کی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق آگ اچانک لگی اور دیکھتے ہی دیکھتے (بقیہ نمبر 19)

صوبے مقامی حکومتوں کو اختیارات اور فنڈز دینے میں ناکام

کراچی (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت سے مالی وسائل اور اختیارات حاصل کرنیوالے صوبے خود مقامی حکومتوں کو اختیارات منتقل کرنے میں رکاوٹ بن گئے ہیں، جس کے باعث 18 ویں آئینی ترمیم کے تحت نچلی سطح تک اختیارات کی منتقلی کا عمل ادھورا رہ گیا ہے۔ اقتصادی پالیسی و بزنس ڈیولپمنٹ کی رپورٹ کے (بقیہ نمبر 20)

احتجاجی کال کا مقصد انتخابات رکوانا ہے: رانا ثنا اللہ کا الزام

مشیر وزیراعظم نے ایکشن کمیٹی کے مطالبات اور مہاجر نشستوں پر مؤقف واضح کردیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ کالعدم ایکشن کمیٹی کی احتجاجی کال کا مقصد آزاد کشمیر کے انتخابات کو رکوانا ہے، نشستوں سے متعلق ان کے مطالبے پر عملدرآمد کا اختیار آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کا ہے۔ نجی ٹی وی چینل "جیو نیوز" کے مطابق قومی (بقیہ نمبر 22)

کراچی میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے خاتون جاں بحق

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں تیز رفتار اور بے قابو کار نے موٹر سائیکل سوار اور راہگیروں کو روند ڈالا افسوسناک حادثے میں ایک خاتون جاں بحق جبکہ پانچ سالہ بچے اسمیت چار افراد زخمی ہوگئے۔ حادثے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی ہے۔ ایکسپریس نیوز کو موصول ہونے والی سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جا (بقیہ نمبر 21)

غیر قانونی مہاجرین کی واپسی کیلئے یورپی یونین کا طالبان سے رابطہ

یورپی یونین نے غیر قانونی مہاجرین کی واپسی کے عملی معاملات پر بات چیت کے لیے طالبان وفد کو برسلز مدعو کرلیا

انسانی حقوق کی تنظیموں نے طالبان وفد کی برسلز آمد اور براہ راست مذاکرات کے فیصلے پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے

برسلز (ممتاز نیوز) یورپی یونین نے غیر قانونی مہاجرت کے خلاف اپنی پالیسیوں کو مزید سخت بنانے اور افغانستان واپس بھیجے جانے والے تارکین وطن کے معاملات کو تیز تر بنانے کے لیے طالبان حکام کے ساتھ براہ راست مذاکرات کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کے (بقیہ نمبر 29)

آبنائے ہرمز پر ٹول نہیں لگایا جاسکتا، امریکی وزیر خارجہ

مارکو روبیو نے ہرمز کو بین الاقوامی آبی گزرگاہ قرار دیتے ہوئے مؤقف واضح کردیا



ابوظبی (نیوز ڈیسک) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز ایک بین الاقوامی آبی گزرگاہ ہے اور عالمی قوانین کے تحت کسی بھی ملک کو اس اہم سمندری راستے پر ٹول یا فیس عائد کرنے کا اختیار حاصل نہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو ایران اور امریکا کے درمیان حالیہ معاہدے کے حوالے سے خلیجی اتحادیوں کو اعتماد میں لینے کے لیے متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظبی پہنچے (بقیہ نمبر 28)

کراچی: اورنگی ٹاؤن میں گھر کے باہر فائرنگ، نوجوان جاں بحق

کراچی (نیوز ڈیسک) اورنگی ٹاؤن کے علاقے مومن آباد میں گھر کے باہر نامعلوم مسلح ملزمان کی فائرنگ سے ایک نوجوان جاں بحق ہوگیا جبکہ ملزمان واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس نے واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کردی ہیں۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت 27 سالہ محمد حذیفہ صدیقی کے نام سے ہوئی ہے جو مومن آباد سیکٹر 4 ایف بلاک ڈی کا رہائشی اور ٹریول ایجنسی کا کاروبار کرتا تھا۔ ایس ایچ او (بقیہ نمبر 27)

اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

ماہ محرم الحرام پوری کائنات کے لیے اس لیے بنیادی حیثیت اور اہمیت کا حامل ہے کہ اس عشرہ میں قربانیوں کی بے مثال اور لازوال تاریخ رقم ہوئی ہے۔ میدان کربلا میں حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے خاندان اور جانثاروں کے ساتھ خیمہ زن ہوئے۔ مدینہ سے کربلا کا سفر درحقیقت ترویج حق اور پیغام رسول خدا کا سفر تھا۔ خانوادہ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر فرات کا پانی بند کر دیا گیا، ہزاروں کی تعداد میں یزیدی افواج (72) بہتر نفوس قدسیہ کے مقابل آ کھڑی ہوئی تھی، یہ کون لوگ تھے صحابہ کرام کی اولادوں میں سے تھے، کلمہ گو تھے، مسلمان تھے، صد حیف کہ امام حسین علیہ السلام کے خلاف، اٹھارہ ہزار قاریوں اور نام نہاد علما نے فتویٰ دیا تھا۔ میدان کربلا میں معصوم علی اصغر علیہ السلام سے امام حسین علیہ السلام تک سب جام شہادت نوش فرما گئے۔ نواسہ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی شہادت کے بعد پلید یزیدی افواج کی طرف سے خیموں کو جلایا گیا، لاشوں پر گھوڑے دوڑائے گئے، امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک نوک سناں پر ملعون یزید کے دربار میں لایا اور اولاد رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو قیدی بنا کے پیش کیا گیا۔ نیزے پہ ناطق قرآن کی تلاوت نے دنیا کو باور کروا دیا کہ اپنے نانا کے دین کے حقیقی وارث اور حق کی پہچان امام عالی مقام علیہ السلام ہیں۔ تاریخ اقوام عالم اس بات سے بخوبی آگاہ ہے کہ میدان کربلا میں دنیا کی سب سے بڑی توہین رسالت کی گئی، اس گلے کو کاٹا گیا، جس کو رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم پیار فرمایا کرتے، ان لبوں کی توہین کی گئی جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم چوما کرتے ——— صد افسوس امت نے اجر رسالت کے حوالے سے کس طرح کا حق ادا کیا۔ امام حسین علیہ السلام روشنی کا منارہ ہیں، حق کا نور ہیں۔ انھوں نے راہ حق میں سب کچھ لٹا کر حق و صداقت کا علم تا قیامت بلند فرما دیا بقول قاسم علی سید اسلام کا پودا ہی کچھ اس ڈھب کا ہے قاسمی اسے خون دیتے ہیں پانی نہیں دیتے آقا کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا الحسین منی وانا من الحسین جمہ؛ حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں؟ آیئے ہم حسینیت کے ساتھ کھڑے ہوں، باطل اور طاغوتی طاقتوں کا مقابلہ کریں، امام حسین علیہ السلام کی ذات اقدس محسن انسانیت ہے، محبت حسین علیہ السلام ہمارا ایمان ہے، وہ جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں، وہی جنت جہاں سے حسین کریمین علیہ السلام کے جوڑے لے کے جبرئیل آتا ہے اور خود کو "خیاط الحسنین" کہنے میں فخر محسوس کرتا ہے۔ عصر حاضر میں امت مسلمہ کو اسوہ حسین علیہ السلام پر عمل پیرا ہونے کی اشد ضرورت ہے، کربلا ہماری درسگاہ ہے۔ دنیا میں صرف دو ہی راستے ہیں، حق کا اور باطل کا، حسینیت کا اور یزیدیت کا، ہمیں اپنی سمت کا تعین اسکینہ ہجری واقعہ کربلا سے کرنا ہوگا کیونکہ امام حسین علیہ السلام وہ محبوب رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہیں جن پہ توحید و رسالت نازاں ہے مولانا محمد علی جوہر نے کیا خوب کہا ہے: قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

حمید نظامی



حمید نظامی صاحب

کبھی کبھی ایک چھوٹا سا دفتر، چند بوسیدہ صفحات، محدود وسائل اور ایک بے چین ذہن مل کر ایسی تاریخ رقم کر دیتے ہیں جس کی گونج نسلوں تک سنائی دیتی ہے۔ برصغیر کے سیاسی ہنگاموں، غلامی کے اندھیروں اور مسلمانوں کے قومی شعور کی بیداری کے زمانے میں ایک ایسا شخص بھی موجود تھا جو نہ کسی لشکر کا سپہ سالار تھا اور نہ کسی تخت کا وارث، مگر اس کے ہاتھ میں موجود قلم آنے والے پاکستان کی فکری سرحدوں کی حفاظت کر رہا تھا۔ حمید نظامی کا نام اسی روایت کا استعارہ ہے۔ انہوں نے صحافت کو خبر رسانی کا پیشہ نہیں بلکہ ایک قومی امانت سمجھا اور اپنے اخبار کو ایک ایسی آواز میں ڈھال دیا جس نے تحریکِ پاکستان کے قافلے کو فکری توانائی فراہم کی۔ 3 اکتوبر 1915ء کو سانگلہ ہل میں پیدا ہونے والے حمید نظامی نے ابتدائی عمر ہی سے غیر معمولی ذہانت اور قومی شعور کا ثبوت دیا۔ گورنمنٹ ہائی اسکول سانگلہ ہل سے میٹرک امتیازی نمبروں میں پاس کرنے کے بعد آپ اعلیٰ تعلیم کے لیے لاہور آ گئے۔ آپ نے پنجاب یونیورسٹی لاہور سے انگریزی ادب میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی، لیکن ان کی دلچسپی محض علمی مباحث تک محدود نہ رہی۔ وہ اپنے عہد کے سیاسی اور قومی مسائل پر گہری نظر رکھتے تھے۔ طالب علمی کے زمانے میں ہی انہوں نے پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کی بنیاد رکھی اور اس کے پہلے صدر منتخب ہوئے۔ یہی وہ دور تھا جب ان کے خیالات اور قائداعظم محمد علی جناح کے افکار میں ایک فکری ہم آہنگی پیدا ہوئی اور وہ تحریکِ پاکستان کے سرگرم کارکنوں میں شمار ہونے لگے۔ برصغیر کی سیاست اس وقت ایک فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو رہی تھی۔ قرارداد لاہور کی بازگشت پورے ہندوستان میں سنائی دے رہی تھی اور مسلمانوں کے سیاسی مستقبل کا تعین ہو رہا تھا۔ ایسے حالات میں حمید نظامی نے 1940ء میں پندرہ روزہ "نوائے وقت" کا اجرا کیا۔ وسائل محدود تھے، مالی مشکلات بے شمار تھیں اور اخبارات کی دنیا میں قدم جمانا آسان نہ تھا، لیکن حمید نظامی کے عزم کے سامنے یہ تمام رکاوٹیں بے معنی ثابت ہوئیں۔ ان کے لیے نوائے وقت محض کاغذ کے چند صفحات کا مجموعہ نہیں تھا بلکہ یہ ایک فکری محاذ تھا جہاں سے مسلمانانِ برصغیر کی امیدوں اور امنگوں کی ترجمانی کی جا رہی تھی۔ تحریکِ پاکستان کے دوران اخبارات کی اہمیت کسی سیاسی جلسے سے کم نہ تھی۔ اس دور میں ایک اداریہ سینکڑوں تقاریر کے برابر اثر رکھتا تھا۔ حمید نظامی نے اپنی تحریروں کے ذریعے دو قومی نظریے کی وضاحت کی، مسلمانوں کے سیاسی شعور کو بیدار کیا اور مسلم لیگ کے موقف کو عام کیا۔ جب مخالف قوتیں قیام پاکستان کے تصور کو ایک خواب قرار دے رہی تھیں، نوائے وقت امید، استدلال اور اعتماد کی زبان بول رہا تھا۔ اس کے اداریوں میں جذباتیت کے ساتھ ساتھ فکری پختگی بھی موجود تھی۔ برطانوی حکومت اخبارات پر کڑی نظر رکھتی تھی۔ ایسے ماحول میں اختلافی آواز بلند کرنا آسان نہ تھا۔ کئی مواقع پر نوائے وقت کے اداریے حکومتی حلقوں کی ناراضی کا باعث بنے، وارننگز ملیں، دباؤ بڑھا، مگر حمید نظامی نے مصلحت کوشی کے بجائے اصولوں کا راستہ اختیار کیا۔ ان کے نزدیک صحافت اگر سچ سے محروم ہو جائے تو اس کی حیثیت ایک بے جان کاروبار سے زیادہ نہیں رہتی۔ یہی جرات اور استقلال انہیں اپنے ہم عصروں میں ممتاز بناتا ہے۔ قائداعظم محمد علی جناح کے ساتھ ان کی فکری وابستگی کسی ذاتی تعلق کی محتاج نہ تھی۔ وہ قائداعظم کے وژن کو قوم کی نجات کا راستہ سمجھتے تھے۔ نوائے وقت میں قائداعظم کی تقاریر اور بیانات کو نمایاں جگہ دی جاتی اور ان کے سیاسی فلسفے کی تشریح کی جاتی تھی۔ جب تحریکِ پاکستان کو مایوسی یا مشکلات کا سامنا ہوتا تو حمید نظامی کے اداریے حوصلے اور امید کا پیغام بن کر سامنے آتے۔ ان کی تحریروں میں دلیل کی قوت، زبان کی شائستگی اور جذبے کی حرارت یکجا دکھائی دیتی تھی۔ حمید نظامی کی شخصیت کا ایک اہم پہلو ان کی قائدانہ صلاحیت تھی۔ انہوں نے نوائے وقت کو محض ایک ادارہ نہیں بلکہ ایک تربیت گاہ کی شکل دی۔ نوجوان صحافیوں کو وہ صحافت کے بنیادی اصولوں سے روشناس کراتے، انہیں دیانت، غیر جانبداری اور قومی ذمہ داری کا احساس دلاتے۔ ان کے نزدیک قلم ایک امانت تھا اور اس امانت میں خیانت قوموں کے مستقبل کے ساتھ کھیلنے کے مترادف تھی۔ یہی وجہ تھی کہ ان کی قیادت میں نوائے وقت ایک معتبر اور باوقار ادارہ بن کر ابھرا۔ قیام پاکستان کے بعد جب بہت سے لوگ یہ سمجھنے لگے کہ جدوجہد کا دور ختم ہو چکا ہے، حمید نظامی نے ایک نئے محاذ پر قلم سنبھال لیا۔ ان کی خواہش تھی کہ پاکستان ایک ایسی ریاست بنے جہاں جمہوری اقدار مضبوط ہوں، اسلامی تعلیمات کی روشنی میں فلاحی نظام قائم ہو اور قومی خودمختاری کو ہر قیمت پر محفوظ رکھا جائے۔ ان کے اداریوں میں آئین سازی، قومی وحدت، جمہوری استحکام اور عوامی حقوق کے موضوعات نمایاں رہے۔ وہ حکومتوں کے خیر خواہ ضرور تھے، لیکن خوشامد سے ہمیشہ دور رہے۔ اقتدار کے ایوانوں سے اختلاف کرنا اس دور میں بھی آسان نہ تھا۔ جب بعض حکومتی فیصلوں پر انہوں نے تنقیدی انداز اختیار کیا تو سرکاری حلقوں کی ناراضی کا سامنا کرنا پڑا، لیکن حمید نظامی نے واضح کر دیا کہ ان کی وفاداری کسی فرد یا حکومت سے نہیں بلکہ پاکستان اور اس کے نظریے سے وابستہ ہے۔ ان کا یہی طرزِ فکر صحافت کی اصل روح کا مظہر تھا۔ انہوں نے ثابت کیا کہ صحافی اگر حق گوئی سے دستبردار ہو جائے تو معاشرے میں سچ کی آواز کمزور پڑ جاتی ہے۔ ذاتی زندگی میں وہ سادگی، شرافت اور دیانت کا پیکر تھے۔ شہرت کے باوجود ان کے مزاج میں انکسار نمایاں تھا۔ مالی مشکلات اور ادارتی ذمہ داریوں کے باوجود انہوں نے کبھی صحافت کو ذاتی مفادات کے لیے استعمال نہ کیا۔ ان کے ساتھیوں کے مطابق وہ کارکنوں کے ساتھ شفقت اور احترام کا برتاؤ کرتے تھے۔ ان کے نزدیک ادارہ افراد کے مجموعے کا نام نہیں بلکہ ایک خاندان ہوتا ہے، اور اسی سوچ نے نوائے وقت کو ایک مضبوط صحافتی روایت عطا کی۔ جنرل ایوب خان کے دور میں جب صحافت پر دباؤ اور سنسر شپ کے بادل گہرے ہونے لگے تو حمید نظامی کے لیے حالات مزید کٹھن ہو گئے۔ وہ مسلسل محنت، ذہنی دباؤ اور اصولی جدوجہد کے باعث جسمانی طور پر کمزور پڑتے گئے، مگر انہوں نے اپنے مؤقف پر سمجھوتہ نہ کیا۔ فروری 1962ء میں جب وہ اس دنیا سے رخصت ہوئے تو گویا پاکستان کی صحافتی دنیا کا ایک روشن باب اختتام کو پہنچا۔ ان کی وفات صرف ایک مدیر کی وفات نہ تھی بلکہ ایک ایسی آواز کی خاموشی تھی جس نے ایک قوم کے خوابوں کو الفاظ عطا کیے تھے۔ آج جب صحافت کو تجارتی مفادات، سیاسی وابستگیوں اور معلومات کے سیلاب کے درمیان اپنی ساکھ برقرار رکھنے کے چیلنج کا سامنا ہے، حمید نظامی کی زندگی ایک روشن مینار کی حیثیت رکھتی ہے۔ وہ یہ سبق دے گئے کہ صحافت کا اصل وقار حق گوئی، دیانت اور نظریاتی وابستگی میں مضمر ہے۔ قیادت عہدوں اور مناصب سے نہیں، کردار اور اصولوں سے جنم لیتی ہے۔ حمید نظامی کا نام پاکستان کی تاریخ میں ایک ایسے مجاہدِ قلم کے طور پر ہمیشہ زندہ رہے گا جس نے لفظوں کو ہتھیار، اخبار کو تحریک اور صحافت کو قومی خدمت کا وسیلہ بنا دیا۔ وقت گزر سکتا ہے، نسلیں بدل سکتی ہیں، مگر وہ لوگ کبھی فراموش نہیں ہوتے جو اپنے عہد کے ضمیر کی آواز بن جائیں۔ حمید نظامی انہی ابدی آوازوں میں سے ایک تھے۔

ہنگو

پاکستان کے شمال مغربی حصے میں واقع ضلع ہنگو اپنی جغرافیائی اہمیت، تاریخی پس منظر، ثقافتی رنگارنگی اور عوامی استقامت کے باعث ایک منفرد شناخت رکھتا ہے۔ کوہاٹ ڈویژن کا یہ ضلع نہ صرف خیبر پختونخوا کے اہم علاقوں میں شمار ہوتا ہے بلکہ یہ قبائلی اور شہری آبادی کے درمیان ایک قدرتی پل کی حیثیت بھی رکھتا ہے۔ ہنگو کا نام آتے ہی ایک ایسے خطے کا تصور ابھرتا ہے جس نے وقت کے مختلف ادوار میں امن اور بدامنی، ترقی اور محرومی، خوشحالی اور مشکلات سب کا سامنا کیا، مگر اس کے باسیوں نے ہمیشہ ثابت قدمی اور حوصلے کی مثال قائم کی۔ ہنگو کی سرزمین قدرتی حسن سے مالا مال ہے۔ یہاں کے پہاڑ، وادیاں اور سرسبز علاقے ایک دلکش منظر پیش کرتے ہیں۔ اگرچہ یہ علاقہ سیاحتی نقشے پر وہ مقام حاصل نہیں کر سکا جس کا یہ حق دار ہے، لیکن اس کے باوجود یہاں کی قدرتی خوبصورتی ہر آنے والے کو متاثر کرتی ہے۔ علاقے کی آب و ہوا نسبتاً معتدل ہے اور زرعی سرگرمیاں مقامی معیشت کا اہم حصہ ہیں۔ گندم، مکئی اور دیگر فصلیں یہاں کی زمینوں کی زرخیزی کا ثبوت ہیں۔ ہنگو کی تاریخ بھی خاصی دلچسپ ہے۔ یہ علاقہ مختلف ادوار میں مختلف تہذیبوں اور ثقافتوں کے اثرات قبول کرتا رہا ہے۔ اس کی جغرافیائی حیثیت نے اسے ہمیشہ ایک اہم گزرگاہ بنائے رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں مختلف قبائل اور برادریاں آباد ہیں جو اپنی روایات، اقدار اور ثقافتی رنگوں کے ساتھ ایک متنوع سماجی ڈھانچہ تشکیل دیتی ہیں۔ پشتون ثقافت یہاں کی شناخت کا بنیادی جزو ہے جہاں مہمان نوازی، بہادری اور عزت و احترام کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ بدقسمتی سے ہنگو نے گزشتہ دو دہائیوں کے دوران دہشت گردی اور امن و امان کی سنگین صورتحال کا بھی سامنا کیا۔ ایسے وقت میں جب پورا ملک انتہا پسندی کے خلاف جنگ لڑ رہا تھا، ہنگو بھی اس آزمائش سے گزرا۔ کئی خاندان متاثر ہوئے، کاروبار متاثر ہوئے اور تعلیمی سرگرمیاں بھی مشکلات کا شکار رہیں۔ تاہم ریاستی اداروں، مقامی عمائدین اور عوام کی مشترکہ کوششوں سے حالات میں نمایاں بہتری آئی۔ آج ہنگو نسبتاً پرامن علاقوں میں شمار ہوتا ہے اور عوام ایک بہتر مستقبل کی امید کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں ابھی بھی بہت کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اگرچہ سرکاری اور نجی تعلیمی ادارے موجود ہیں، لیکن آبادی کے تناسب سے ان کی تعداد ناکافی محسوس ہوتی ہے۔ خاص طور پر دیہی علاقوں میں معیاری تعلیم تک رسائی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ یہی صورتحال صحت کے شعبے میں بھی نظر آتی ہے جہاں بنیادی سہولیات تو موجود ہیں، لیکن جدید طبی سہولتوں اور ماہر ڈاکٹروں کی کمی عوام کو درپیش چیلنجز میں شامل ہے۔ ترقی کے دعووں کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے ضروری ہے کہ تعلیم اور صحت کو اولین ترجیح دی جائے۔ معاشی اعتبار سے ہنگو کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں، مگر روزگار کے محدود مواقع انہیں دوسرے شہروں کا رخ کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ اگر حکومت اور نجی شعبہ صنعتی اور تجارتی منصوبوں میں سرمایہ کاری کرے تو نہ صرف مقامی معیشت مضبوط ہوگی بلکہ نوجوانوں کو اپنے علاقے میں ہی بہتر روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔ زرعی شعبے کی جدید خطوط پر ترقی بھی معاشی استحکام کا ایک مؤثر ذریعہ بن سکتی ہے۔ ہنگو کے عوام کی سب سے بڑی خوبی ان کی ثابت قدمی اور وطن سے محبت ہے۔ مشکلات کے باوجود انہوں نے کبھی امید کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ یہی جذبہ اس علاقے کی اصل طاقت ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہنگو کو صرف ایک سرحدی یا قبائلی پس منظر کے حال ضلع کے طور پر نہ دیکھا جائے بلکہ اسے ترقی، تعلیم، ثقافت اور انسانی وسائل کے ایک اہم مرکز کے طور پر فروغ دیا جائے۔ اگر بنیادی ڈھانچے کی بہتری، معیاری تعلیم، صحت کی سہولیات اور معاشی مواقع پر توجہ دی جائے تو ہنگو نہ صرف خیبر پختونخوا بلکہ پورے پاکستان کے ترقی یافتہ اضلاع میں نمایاں مقام حاصل کر سکتا ہے۔ آج جب پاکستان ترقی اور استحکام کے نئے راستوں کی تلاش میں ہے، ہنگو جیسے علاقوں کی ترقی قومی ترقی کا لازمی حصہ ہے۔ ایک مضبوط، خوشحال اور تعلیم یافتہ ہنگو دراصل ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان کی ضمانت ہے۔ اس خطے کے عوام نے ماضی میں قربانیاں دی ہیں، اب وقت آ گیا ہے کہ انہیں ترقی، امن اور خوشحالی کے ثمرات بھی پوری طرح میسر آئیں تاکہ آنے والی نسلیں ایک روشن اور باوقار مستقبل کی وارث بن سکیں۔

بزرگوں کی دعائیں اور والدین کی محنت: کامیابی کا اصل محرک

تحریر: محمد فہیم حاصل

انسان کی زندگی میں کامیابی کبھی بھی صرف اس کی ذاتی محنت کا نتیجہ نہیں ہوتی، بلکہ اس کے پسِ پشت والدین کی بے شمار قربانیاں، اساتذہ کی مخلصانہ رہنمائی، بزرگوں کی دعائیں اور اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم شامل ہوتا ہے۔ زندگی کے ہر اہم موڑ پر کچھ ایسی شخصیات موجود ہوتی ہیں جو خاموشی سے ہماری کامیابی کی بنیادیں استوار کر رہی ہوتی ہیں۔ جب منزل حاصل ہوتی ہے تو احساس ہوتا ہے کہ یہ سفر دراصل محبت، دعا، محنت اور رہنمائی کے ان گنت رنگوں سے مزین تھا۔ الحمدللہ رب العالمین! اللہ تعالیٰ کے بے پایاں فضل و کرم، حضور نبی اکرم ﷺ کے صدقے، والدین کی دعاؤں، اساتذہ کی شفقت اور اپنے پیر و مرشد کی خصوصی توجہ و دعا کی برکت سے میں نے اپنی بی ایس (BS) پولیٹیکل سائنس کی چار سالہ ڈگری کامیابی کے ساتھ مکمل کر لی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے بہترین سی جی پی اے (CGPA) سے نوازا اور میرا فائنل تھیسس بھی بخیر و خوبی مکمل ہو کر جمع ہو گیا۔ یقیناً یہ میری زندگی کا ایک اہم سنگِ میل ہے جس پر جتنا شکر ادا کیا جائے کم ہے۔ اس کامیابی کے پس منظر میں سب سے بڑا کردار میرے والدین کا ہے، جنہوں نے اپنی خواہشات کو قربان کر کے میری تعلیم و تربیت کے لیے ہر ممکن وسائل فراہم کیے۔ ان کی بے لوث محبت، مسلسل دعائیں، حوصلہ افزائی اور انتھک محنت میری کامیابی کی اصل بنیاد ہیں۔ والدین وہ ہستیاں ہیں جو اولاد کے روشن مستقبل کے لیے اپنی آسائشوں تک کو قربان کر دیتی ہیں۔ آج اگر میں اس مقام پر کھڑا ہوں تو اس میں میرے والدین کی برسوں کی جدوجہد، صبر اور دعاؤں کا بہت بڑا حصہ شامل ہے۔ میری تعلیمی زندگی میں میرے اساتذہ کا کردار بھی ناقابلِ فراموش ہے۔ خصوصاً میرے استادِ محترم جناب انتظار علی کندل صاحب جنہوں نے نرسری کلاس سے لے کر آج تک میری تعلیمی و اخلاقی تربیت میں ایک سرپرست کا کردار ادا کیا۔ ہر مشکل مرحلے پر انہوں نے میری رہنمائی فرمائی، میری حوصلہ افزائی کی اور ہمیشہ میری کامیابی کے لیے دعا گو رہے۔ ان کی شفقت اور خلوص میرے لیے ایک عظیم سرمایہ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میں اپنے کالج اور یونیورسٹی کے تمام معزز اساتذہ کرام کا بھی تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے علم کی دولت سے مالا مال کیا اور ہر قدم پر میری راہنمائی فرمائی۔ اس خوشی کے موقع پر میری مسرت اس وقت مزید بڑھ گئی جب میرے پیر و مرشد، آستانہ عالیہ مصطفیٰ آباد شریف لاہور کے سجادہ نشین، حضرت پیر خواجہ محمد طیب مبین نقشبندی مجددی معصومی مدظلہ العالی نے خصوصی دعاؤں اور محبت بھرے کلمات کے ساتھ مجھے مبارکباد سے نوازا۔ مرشدِ کریم کی دعا اور شفقت کسی بھی طالب علم کے لیے ایک عظیم نعمت ہوتی ہے۔ انہوں نے نہ صرف میری کامیابی پر خوشی کا اظہار فرمایا بلکہ میرے والدین کی طویل

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

اکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم کو چاہیے کہ وہ اپنے وزراء کو کنٹرول کریں۔ انہوں نے ایک وزیر کے بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ یہ بیان آگ پر تیل ڈالنے کے مترادف ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ایک وزیر نے راولاکوٹ کے لوگوں کو کشمیری ماننے سے انکار کیا اور بعد میں شرمندگی بھی ظاہر نہیں کی، جبکہ وہ کابینہ کا حصہ بھی ہے۔ ان کے مطابق ایسے بیانات ملک میں تقسیم اور بداعتمادی کو بڑھاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعض وزراء یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ مہاجرین کی 12 نشستیں اپنے پاس رکھتے ہیں، جو ایک سازشی ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے۔ بلاول کے مطابق اس طرح کے بیانات سیاسی ماحول کو مزید خراب کرتے ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے ایم کیو ایم پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ جان بوجھ کر غلط بیانی کر رہی ہے اور وفاق سے حقوق لینے کے بجائے سندھ کے حقوق پر حملہ آور ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر کب تک بعض لوگ وزیراعظم کی

نے کہا کہ اگر اختلافات ہیں تو وفاقی کابینہ سے نکل کر واضح موقف اختیار کیا جائے۔ انہوں نے سندھ میں بلدیاتی ترمیم پر تنقید کو غیر منصفانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب اور اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات پر خاموشی کیوں ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ پورے پاکستان میں ایک ساتھ بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں تاکہ نظام کو مضبوط بنایا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ لاہور اور اسلام آباد جیسے بڑے شہروں کو بااختیار بنانا ضروری ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اس وقت وزیراعظم کو کمزور کرنے کے بجائے انہیں مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، تاہم کچھ عناصر ان کی حکومت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ تمام مسائل کا حل صرف سیاسی مکالمے اور مذاکرات میں ہے، اور مولانا فضل الرحمان کی ثالثی کی پیشکش کو قبول کیا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

ن پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم کو چاہیے کہ وہ اپنے وزراء کو کنٹرول کریں۔ انہوں نے ایک وزیر کے بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ یہ بیان آگ پر تیل ڈالنے کے مترادف ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ایک وزیر نے راولاکوٹ کے لوگوں کو کشمیری ماننے سے انکار کیا اور بعد میں شرمندگی بھی ظاہر نہیں کی، جبکہ وہ کابینہ کا حصہ بھی ہے۔ ان کے مطابق ایسے بیانات ملک میں تقسیم اور بداعتمادی کو بڑھاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعض وزراء یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ مہاجرین کی 12 نشستیں اپنے پاس رکھتے ہیں، جو ایک سازشی ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے۔ بلاول کے مطابق اس طرح کے بیانات سیاسی ماحول کو مزید خراب کرتے ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے ایم کیو ایم پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ جان بوجھ کر غلط بیانی کر رہی ہے اور وفاق سے حقوق لینے کے بجائے سندھ کے حقوق پر حملہ آور ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر کب تک بعض لوگ وزیراعظم کی

نے کہا کہ اگر اختلافات ہیں تو وفاقی کابینہ سے نکل کر واضح موقف اختیار کیا جائے۔ انہوں نے سندھ میں بلدیاتی ترمیم پر تنقید کو غیر منصفانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب اور اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات پر خاموشی کیوں ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ پورے پاکستان میں ایک ساتھ بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں تاکہ نظام کو مضبوط بنایا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ لاہور اور اسلام آباد جیسے بڑے شہروں کو بااختیار بنانا ضروری ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اس وقت وزیراعظم کو کمزور کرنے کے بجائے انہیں مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، تاہم کچھ عناصر ان کی حکومت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ تمام مسائل کا حل صرف سیاسی مکالمے اور مذاکرات میں ہے، اور مولانا فضل الرحمان کی ثالثی کی پیشکش کو قبول کیا جانا چاہیے۔ بوی کیلئے جاتا ہوں، تنہائی میں جو باتیں میری مولانا صاحب کے ساتھ ہوئی ہیں، وہ قیامت تک قبر میں میرے ساتھ جائیں گی، میں کبھی بات نہیں کروں گا۔ اس پر مولانا فضل الرحمان نے ایوان میں کھڑے ہو کر کہا کہ جناب سپیکر وزیراعظم صاحب نے جس محبت کا اظہار کیا ہے، میں اس محبت کو دیکھ کہتا ہوں، انہوں نے اگر تنہائی میں مجھ سے کوئی ایسی بات کی ہے، میں ان کو اجازت دیتا ہوں کہ وہ ایوان میں کھل کر بتائیں۔ مولانا کی آفر پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مولانا صاحب کی فراخدلی کی بنیاد پر جو آفر ہے میں اس کو اس لئے قبول نہیں کروں گا کہ معاملات اتنے دور چلے جائیں گے کہ واپس نہیں آئیں گے۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

گے۔ برطانوی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے قطری وزیراعظم کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت کی بحالی کیلئے امریکا ایران ہاٹ لائن انتہائی اہم ہے، ہاٹ لائن کا مقصد غلط معلومات اور کسی بھی ممکنہ اشتعال انگیزی کو روکنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر معاہدہ سبوتاژ کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں، ضروری ہے کہ جہازوں کو ملنے والی کسی بھی دھمکی کی ایران سے تصدیق کی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ قطر آبنائے ہرمز سے گزرنے پر فیس لگانے کے ایرانی منصوبے کی حمایت نہیں کرے گا، ایران نے کوئی مجوزہ ماڈل پیش کیا تو انہیں اس کے حق میں دلائل دینا ہوں گے اور ہمیں ایران کے مجوزہ ماڈل کا جائزہ لینا ہوگا۔ قطری وزیراعظم نے کہا کہ دنیا تک ہماری رسائی کے واحد راستے پر کسی اور کا کنٹرول قابل قبول نہیں ہوگا، امید ہے 30 دن میں بحری سرگرمیاں جنگ سے پہلے کی سطح کے قریب پہنچ جائیں گی، قطر چند ہفتوں میں ایل این جی پیداوار معمول پر لانے کا ارادہ رکھتا ہے لیکن ایل این جی پیداوار معمول پر لانا ہرمز میں صورتحال معمول پر آنے سے مشروط ہوگا۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

میں بھی جاری رہے۔ تحقیقاتی کمیشن کے مطابق اس کے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو ظاہر کرتے ہیں کہ یہ اقدامات ایک منظم حکمت عملی کا حصہ ہیں، جس کا مقصد فلسطینی معاشرے کو کمزور کرنا اور اس کے مستقبل کو متاثر کرنا ہے۔ کمیشن نے کہا کہ بچوں کو نشانہ بنانا، شہری عمارتوں، اسکولوں اور پناہ گاہوں پر حملے اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی اس حکمت عملی کا حصہ ہو سکتے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ غزہ میں رہائشی علاقوں، اسپتالوں اور تعلیمی اداروں کو مسلسل نشانہ بنایا گیا، جس سے بچوں کی زندگی بچانے والی سہولیات بری طرح متاثر ہوئیں۔ اس کے علاوہ بھوک کو بطور ہتھیار استعمال کرنے اور انسانی امداد کی ترسیل میں رکاوٹ ڈالنے کے الزامات بھی رپورٹ کا حصہ ہیں۔ کمیشن کے مطابق بچوں کو حراست میں لینے، تشدد کرنے اور بعض مواقع پر جنسی و صنفی بنیاد پر بدسلوکی کے واقعات بھی ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ رپورٹ میں تعلیمی اداروں کی بندش اور اسکولوں پر حملوں کو فلسطینی بچوں کے مستقبل کے لیے سنگین خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ کمیشن کے سربراہ انڈین قانون دان سر نیو اسن مرلی دھرن نے کہا کہ جنگ بندی کے باوجود بچوں کی ہلاکتیں اور زخمی ہونے کے واقعات جاری ہیں، اور اسرائیل بین الاقوامی قانون کے تحت فراہم کردہ تحفظات کو نظرانداز کر رہا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ کمیشن نے پہلے بھی یہ نتیجہ اخذ کیا تھا کہ 17 اکتوبر 2023 کو حماس اور دیگر گروہوں نے جنگی جرائم کا ارتکاب کیا، تاہم بعد ازاں اسرائیلی کارروائیوں کو بھی انسانیت کے خلاف ج جرائم اور جنگی جرائم کے دائرے میں شامل کیا گیا ہے۔ دوسری جانب اسرائیل نے ان الزامات کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے رپورٹ کو جانبدار اور بے بنیاد قرار قرار دیا ہے۔ اسرائیلی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ کمیشن کا مقصد سچائی نہیں بلکہ اسرائیل کو نشانہ بنانا ہے، جبکہ حماس کی جانب سے اسرائیلی شہریوں پر حملوں اور یرغمالیوں کے معاملے کو نظرانداز کیا گیا ہے۔ اسرائیلی موقف کے مطابق اس کی فوجی کارروائیاں دفاع کے تحت ہیں، جن کا مقصد حماس کا خاتمہ اور یرغمالیوں کی رہائی ہے، اور کارروائیوں کے دوران شہریوں کے تحفظ کو ممکن بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہ معاملہ اس وقت بین الاقوامی عدالت انصاف میں بھی زیر سماعت ہے، جہاں جنوبی افریقہ کی جانب سے اسرائیل پر نسل کشی کے الزامات پر کارروائی جاری ہے، تاہم اس مقدمے کا حتمی فیصلہ آنے میں وقت لگ سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

ے دیا ہے۔ اس سلسلے میں ایف بی آر نے نقتان میں کسٹمز سہولیات کے دائرہ کار میں توسیع کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت نقتان لینڈ کسٹمز اسٹیشن پر درآمدی و برآمدی اشیا کی لوڈنگ اور کلیئرنس کی اجازت دیدی گئی ہے جبکہ نقتان لینڈ کسٹمز اسٹیشن کی حدود اور جغرافیائی کوآرڈینیٹس بھی جاری کردی گئی ہے۔ نیا لینڈ کسٹمز اسٹیشن 75.11 ایکڑ رقبے پر قائم کیا گیا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس کے تحت نقتان ریلوے اسٹیشن کو لینڈ کسٹمز اسٹیشن کا درجہ دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کسٹمز ایکٹ 1969 کی دفعہ 9 کی شق (ب) اور (ج) کو دفعہ 10 کی شق (الف) اور (ب) کے ساتھ ملا کر حاصل اختیارات استعمال کرتے ہوئے ریلوے اسٹیشن نقتان کی 75.11 ایکڑ اراضی کو لینڈ کسٹمز اسٹیشن قرار دے دیا ہے۔ جاری کردہ ایس آر او 111 کے مطابق مذکورہ لینڈ کسٹمز اسٹیشن درآمدی اور برآمدی اشیا یا کسی مخصوص درجے کی اشیا کی لوڈنگ، اَن لوڈنگ اور کسٹمز کلیئرنس کے مقاصد کے لیے استعمال ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اس لینڈ کسٹمز اسٹیشن کی شمالی حدود کسٹم ہاؤس، پاکستان ہاؤس اور اے سی آفس تک واقع ہیں جن کے کوآرڈینیٹس 974316.28 ڈگری شمالی عرض البلد اور 557026.61 ڈگری مشرقی طول البلد ہیں جنوبی جانب حدود ایف سی ہیڈ کوارٹر اور ایران سرحد تک محیط ہیں، جن کے کوآرڈینیٹس 972258.28 ڈگری شمالی عرض البلد اور 554341.61 ڈگری مشرقی طول البلد ہیں۔ مغربی جانب ایران سرحد واقع ہے جس کے کوآرڈینیٹس 974482.28 ڈگری شمالی عرض البلد اور 551901.61 ڈگری مشرقی طول البلد ہیں جبکہ مشرقی جانب سولین/ ریلوے کالونی واقع ہے، جس کے کوآرڈینیٹس 972418.28 ڈگری شمالی عرض البلد اور 558779.61 ڈگری مشرقی طول البلد مقرر کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

سے متعلق نیا قانونی نکتہ طے کردیا ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا ہے کہ رخصتی نہ ہونے یا میاں بیوی کے ایک ساتھ نہ رہنے کے باوجود بھی خاتون حق مہر کی حقدار ہوتی ہے اور ازدواجی تعلق قائم نہ ہونے سے بھی مہر کا حق ختم نہیں ہوتا۔ جسٹس مرزا وقاص رؤف نے اذکا آفرین کی درخواست پر 9 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ اگر نکاح نامے میں مہر کی ادائیگی کا وقت درج نہ ہو تو پورا مہر فوری طور پر ادا کرنا لازم ہوگا۔ عدالت نے واضح کیا کہ مہر کی تفصیل واضح نہ ہونے کی صورت میں قانون کے مطابق پورا مہر جب بھی طلب کیا جائے، وہ واجب الادا تصور ہوگا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ نکاح نامے میں درج 10 تولہ سونا، ایک کنال زمین اور مکان فوری ادائیگی والا مہر شمار ہوگا۔ لاہور ہائیکورٹ نے کہا کہ نکاح نامے میں مہر کی ادائیگی سے متعلق واضح شرط موجود نہ ہونے پر اسے مؤخر نہیں سمجھا جا سکتا۔ فیصلے کے مطابق اگر عورت خلع کی بنیاد پر شادی ختم کرنا چاہے تو وہ مہر کا 25 فیصد حصہ شوہر کو واپس کرنے کی پابند ہوگی۔ عدالت نے قرار دیا کہ خلع کی بنیاد پر شادی اسی صورت فوری ختم ہوگی جب خاتون مہر کا 25 فیصد حصہ شوہر کو واپس کرے۔ لاہور ہائیکورٹ نے اس مقدمے میں ماتحت عدالتوں کی غلطی دور کرتے ہوئے اذکا آفرین کی درخواست منظور کرلی اور حق مہر سے متعلق قانونی اصولوں کو واضح کردیا۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

کے معاملے پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق عباس عراقچی نے حماس کے سیاسی بیورو کے رکن باسم نعیم سے گفتگو کے دوران مشرقِ وسطیٰ میں ہونے والی حالیہ پیش رفت اور ایران امریکا مذاکرات سے متعلق تبادلۂ خیال کیا۔ رپورٹس کے مطابق حماس نے ایران اور امریکا کے درمیان ہونے والے ابتدائی معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ اس پیش رفت سے غزہ میں جاری کشیدگی اور تشدد کے خاتمے میں بھی مدد ملے گی۔ گفتگو کے دوران ایرانی وزیر خارجہ نے اس بات کا اعادہ کیا کہ اسلامی جمہوریہ ایران فلسطینی عوام اور ان کے جائز قومی حقوق کی مکمل حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران فلسطینیوں کی جدوجہد اور ان کے حقوق کے حصول تک ان کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق دونوں رہنماؤں نے غزہ کی موجودہ صورتحال، خطے میں امن کے امکانات اور فلسطینی عوام کو درپیش چیلنجز پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ یہ رابطہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران اور امریکا کے درمیان مذاکراتی عمل میں پیش رفت کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں اور مختلف علاقائی فریق مستقبل کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

ہونے کے بعد عدالت نے وزرا اور میڈیا شخصیات کو بطور گواہ طلب کرنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا تھا۔ کیس کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کی۔ سماعت کے دوران علیمہ خان کی جانب سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ، صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری اور میڈیا سے وابستہ شخصیات سمیت مجموعی طور پر 21 افراد کو بطور عدالتی گواہ طلب کرنے کی درخواست پر دلائل دیے گئے۔ یہ درخواست 26 نومبر کے احتجاج سے متعلق تھانہ صادق آباد میں درج مقدمے کے تناظر میں دائر کی گئی تھی۔ استغاثہ نے عدالت میں مؤقف اختیار کیا کہ وزرا اور میڈیا پرسنز کو بطور گواہ طلب کرنے کی درخواست تاخیری حربہ ہے۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ استغاثہ اپنا مقدمہ مکمل طور پر بند کر چکا ہے، اس لیے علیمہ خان کی درخواست مسترد کی جائے۔ پراسیکیوشن کے مطابق عدالت کسی کو بلاوجہ بطور کورٹ گواہ طلب نہیں کر سکتی۔ اب علیمہ خان کا صفائی کا بیان ریکارڈ کیا جانا چاہیے۔ دوسری جانب وکیل صفائی فیصل ملک نے موقف اختیار کیا کہ اپنی صفائی کے لیے ملزمان کسی بھی شخص کو بطور گواہ طلب کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیئر ٹرائل کے تقاضوں کے تحت وزرا اور میڈیا پرسنز کی طلبی ضروری ہے، کیونکہ 27 نومبر کو ملک کے کسی علاقے میں احتجاج نہیں ہوا، جس کی تصدیق میڈیا کے ذریعے ہو سکتی ہے۔ فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد عدالت نے درخواست پر فیصلہ محفوظ کیا، جو بعد ازاں جاری کر دیا گیا، جس میں عدالت نے درخواست مسترد کر دی جب کہ سماعت کے بعد علیمہ خان انسداد دہشت گردی عدالت سے واپس روانہ ہو گئیں۔ عدالت نے مقدمے کی آئندہ سماعت یکم جولائی تک ملتوی کرتے ہوئے آئندہ تاریخ پر علیمہ خان کو صفائی بیان ریکارڈ کرانے کا حکم دیا ہے۔ دوسری جانب وکیل فیصل ملک نے کہا ہے کہ عدالت اس فیصلے کو ہائی کورٹ چیلنج کر رہے ہیں۔ صفائی کے گواہ پیش کرانا ہمارا آئینی قانونی حق ہے۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

ول منظور شدہ ضمنی اخراجات 2024/25-2025/26، جدول منظور شدہ اخراجات متجاوز 2016/17-2024/2025 اور آڈٹ رپورٹس برائے سال 2025/2026 ایوان میں پیش کی گئیں۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ایف بی آر ترمیمی بل 2026 بھی قومی اسمبلی میں پیش کیا جس کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزارتوں اور ڈویژنوں کی مالی سال 2024-25 کی سپلیمنٹری گرانٹس کی منظوری کا عمل شروع کیا گیا۔ سپلیمنٹری گرانٹس کی مد میں ایئر پورٹس سیکیورٹی فورس کی 6 کروڑ 48 لاکھ روپے، کابینہ ڈویژن کے 30 کروڑ روپے، کامرس ڈویژن کے 5 ارب 61 کروڑ روپے، دفاعی ڈویژن کا 1 ارب 25 کروڑ 20 لاکھ روپے اور دفاعی خدمات کے 22 ارب 84 کروڑ روپے کا مطالبہ زر منظور کیا گیا۔ اسی طرح، وفاقی تعلیمی ادارہ جات گیریژن کے 1 ارب 43 کروڑ 63 لاکھ روپے، پاور ڈویژن کے 43 ارب 10 کروڑ 60 لاکھ روپے، وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈویژن کے 25 کروڑ روپے جبکہ سپلیمنٹری گرانٹس کی مد میں گرانٹس، سبسڈیز اور متفرق اخراجات کے 37 ارب 89 کروڑ 27 لاکھ روپے کا مطالبہ زر منظور کر لیا گیا۔ سپلیمنٹری گرانٹس کی مد میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے 2 ارب 69 کروڑ روپے، فارن افیئرز ڈویژن کے 9 کروڑ 2 لاکھ روپے، اطلاعات و نشریات ڈویژن کے 1 ارب 80 کروڑ روپے، داخلہ ڈویژن کے 1 ارب 78 کروڑ 20 لاکھ روپے، اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری کے 45 کروڑ 22 لاکھ روپے، کمبائنڈ سول آرمڈ فورسز کے 5 ارب 79 کروڑ 35 لاکھ روپے اور امور کشمیر و گلگت بلتستان ڈویژن کے ایک کروڑ 40 لاکھ روپے کا مطالبہ زر منظور کیا گیا۔ قانون و انصاف ڈویژن کے 4 کروڑ 96 لاکھ روپے، قومی غذائی تحفظ و تحقیق ڈویژن کے 23 کروڑ 84 لاکھ روپے، پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل کے 16 کروڑ 4 لاکھ روپے، قومی صحت خدمات ڈویژن کے 3 ارب 82 کروڑ 8 لاکھ روپے، پارلیمانی امور ڈویژن کے 5 کروڑ روپے، غربت کے خاتمے و سماجی تحفظ ڈویژن کے 10 کروڑ روپے اور اسپورٹس ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات کے لیے 5 ارب 50 کروڑ روپے کا مطالبہ زر منظور کیا گیا۔ پاور ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات کے لیے 75 کروڑ روپے، نیوٹیک کے 2 ارب 75 کروڑ روپے کے ترقیاتی اخراجات، خزانہ ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات کے لیے 5 ارب 60 کروڑ روپے اور دیگر ترقیاتی اخراجات کے لیے 1 ارب 26 کروڑ 97 لاکھ روپے کا مطالبہ زر منظور کر لیا گیا۔ سپلیمنٹری گرانٹس کی مد میں داخلہ ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات کے لیے 1 ارب 10 کروڑ 60 لاکھ روپے، پیٹرولیم ڈویژن کے سرمایہ جاتی اخراجات کے لیے 20 کروڑ 79 لاکھ روپے اور سول ورکس پر سرمایہ جاتی اخراجات کے لیے 22 ارب 15 کروڑ روپے کا مطالبہ زر منظور کیا گیا۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

کو سماعت کے لیے مقرر کر دی ہیں۔ رجسٹرار اسلام آباد ہائیکورٹ نے آئندہ ہفتے کی کازلسٹ جاری کر دی ہے جس کے مطابق اپیلوں پر باقاعدہ سماعت 29 جون کو ہوگی۔ کازلسٹ کے مطابق کیس کی سماعت چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل بینچ کرے گا۔ یاد رہ کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں اپنی اپیلوں کے ساتھ توہین عدالت کی درخواستیں بھی دائر کر رکھی ہیں۔ عدالت اس سے قبل وکلا کو ہدایت دے چکی ہے کہ 7 روز کے اندر وکالت نامے پر دستخط کروا کر جمع کرائے جائیں۔ اب 29 جون کی سماعت میں اپیلوں کے ساتھ ساتھ توہین عدالت کی درخواستوں سے متعلق پیش رفت بھی متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

۔ ترجمان کے مطابق فریقین کے مابین مذاکراتی عمل جاری رہنا ہی ایک مثبت نتیجہ ہے اور پاکستان اس پورے عمل میں مذاکرات اور ڈائیلاگ پر یقین رکھتا ہے۔ ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے وزیراعظم کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھی پاکستان آیا، جس نے وزیراعظم، آرمی چیف اور دیگر قیادت سے ملاقاتیں کیں۔ ترجمان کے مطابق ایرانی صدر کے دورے کے دوران مختصر طور پر تجارتی تعلقات پر بھی بات ہوئی، جبکہ ایران پر اقتصادی پابندیوں کے خاتمے کے بعد پاک ایران معاشی اور تجارتی تعاون کے فروغ کے امکانات بھی زیر بحث آئے۔ گیس پائپ لائن کے معاملے پر ترجمان نے کہا کہ انہیں اس کی تفصیلات کا علم نہیں، تاہم تمام امور پر بات چیت ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ برگن سٹاک میں ایران اور امریکا کے درمیان بات چیت ہوئی جس میں پاکستان اور قطر نے بطور ثالث شرکت کی۔ مذاکرات میں متعدد نکات پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ پاکستان اور قطر کی تکنیکی ٹیمیں مزید پیش رفت کے لیے فریقین سے رابطے میں ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان بطور ثالث متعدد ممالک کی جانب سے ملنے والی تعریف اور حمایت کا خیر مقدم کرتا ہے۔ عالمی برادری کا پاکستان پر اعتماد بڑھا ہے اور پاکستانی میڈیا نے بھی اس پورے عمل میں ذمہ داری، پیشہ ورانہ رویے اور اعتماد سازی کے فروغ میں بھرپور کردار ادا کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ 18 جون کو پاکستان نے دیگر ممالک کے ساتھ اسرائیلی حملوں کی مذمت میں مشترکہ بیان جاری کیا، جبکہ رواں ہفتے پاکستان نے 30 ایرانی شہریوں کی برطانوی اور امریکی حراست سے وطن واپسی میں بھی مدد فراہم کی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پاکستان اور ڈنمارک کی جانب سے حمایت یافتہ قرارداد 2223 منظور کر لی گئی ہے، جسے 153 ممالک کی حمایت حاصل ہوئی۔ قرارداد کے مطابق اقوام متحدہ کے امن دستوں پر کسی بھی حملے کو ناقابل برداشت قرار دیا گیا ہے۔ صومالی بحری قزاقوں کی جانب سے پاکستانی جہاز اور عملے کو یرغمال بنانے کے معاملے پر ترجمان نے کہا کہ یہ پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس سلسلے میں پاکستانی سفارت خانے کی تکنیکی ٹیم نے جبوتی کا دورہ کیا، جبکہ حکومت نے اس معاملے پر انٹرمنسٹریل اجلاس بھی منعقد کیا۔ ترجمان کے مطابق پاکستان مقامی این جی اوز، انصار برنی سمیت متعدد اداروں سے بھی رابطے میں ہے تاکہ یرغمال پاکستانیوں کی رہائی کے لیے کوششیں جاری رکھی جا سکیں۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

آئی نے سیاسی رواداری کے کلچر کو برباد کر دیا، بانی پی ٹی آئی نے سیاسی اور جمہوری روایات کو شدید نقصان پہنچایا۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

ں نے نوجوانوں کے جذبے، محنت اور والدین کی معاونت کے احساس کو سراہتے ہوئے کہا کہ کم عمری میں گھر اور والدین کی ذمہ داریاں اٹھانا بڑی بات ہے اور بہن بھائیوں سمیت پورے خاندان کی ذمہ داری سنبھالنا آسان کام نہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نوجوانوں کو لینے والا نہیں بلکہ دینے والا بنایا ہے، اس لیے وہ اپنی صلاحیتوں اور محنت کے ذریعے معاشرے میں مثبت کردار ادا کریں، بیرونِ ملک روزگار کے مواقع نوجوانوں کے لیے انتہائی اہم ہیں کیونکہ اس سے بہتر آمدن کے ساتھ ساتھ قیمتی تجربہ اور جدید پیشہ ورانہ مہارتیں حاصل ہوتی ہیں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ بیرونِ ملک کام کرنے سے نوجوان دنیا کے جدید نظام، کام کے طریقہ کار اور ترقی یافتہ ممالک کے طرزِ عمل سے آگاہ ہوتے ہیں، انہوں نے نوجوانوں کو تلقین کی کہ وہ مختلف ممالک کا مشاہدہ کریں اور قوموں کی ترقی کے اسباب کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی افرادی قوت کا بڑا حصہ غیر ہنر مند کارکنوں پر مشتمل ہے، جس کی وجہ سے انہیں بہتر تنخواہ اور مقام حاصل کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں، حکومت پنجاب نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں فنی تربیت فراہم کر رہی ہے اور پانچ لاکھ سے زائد نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کی کوشش جاری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہر نوجوان کے لیے یونیورسٹی ڈگری حاصل کرنا ممکن نہیں، تاہم فنی تعلیم اور سکل ڈویلپمنٹ کے ذریعے روزگار کے بہتر مواقع حاصل کیے جا سکتے ہیں، نوجوانوں کو ان کی صلاحیتوں اور دلچسپی کے مطابق تربیت دی جا رہی ہے تاکہ وہ ملکی اور بین الاقوامی منڈی میں بہتر روزگار حاصل کر سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سکلڈ ورکرز کو بیرونِ ملک زیادہ عزت اور بہتر معاوضہ ملتا ہے، مریم نواز نے منصوبے کی کامیابی کے لیے عدنان چٹھہ اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو بھی سراہا اور کہا کہ نوجوانوں کی فنی تربیت حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ ہنر مند افرادی قوت پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ بیرونِ ملک جانے والے پاکستانی ورکرز میں 50 فیصد سے زائد افراد غیر ہنر مند کیٹیگری میں شامل ہوتے ہیں، جس کی وجہ سے انہیں بہتر تنخواہوں، ترقی کے مواقع اور پیشہ ورانہ شناخت کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، عالمی منڈی میں مسابقت کے لیے جدید مہارتوں کا حصول ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت پنجاب نوجوانوں کو مقامی اور بین الاقوامی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق فنی تربیت فراہم کر رہی ہے، اس مقصد کے لیے کنسٹرکشن، ہاسپیٹیلٹی، ٹرانسپورٹ، لوجسٹکس، انجینئرنگ، انرجی اور ہیلتھ سمیت مختلف شعبوں کو ترجیح دی گئی ہے تاکہ نوجوان روزگار کی بہتر مواقع سے استفادہ کر سکیں۔ مریم نواز کے مطابق نرسنگ، گگری، ہائیڈروکارنر اور رینیوایبل انرجی جیسے ابھرتے ہوئے شعبوں میں بھی تربیتی پروگرام شروع کیے گئے ہیں، جبکہ روایتی فنی تعلیم کے ساتھ جدید ٹیکنیکل کورسز کو بھی نصاب کا حصہ بنایا گیا ہے تاکہ نوجوان بدلتی ہوئی عالمی ضروریات سے ہم آہنگ رہ سکیں۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

لی پر فائرنگ کی۔ جوابی کارروائی میں ایک ملزم زخمی ہوا جسے حراست میں لے لیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم کے قبضے سے اسلحہ اور چھینا گیا سامان بھی برآمد کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

ایران جنگ میں پاکستان کی کامیاب ثالثی نے مودی کی نام نہاد سفارت کاری کو خاک میں ملا دیا ہے۔ بھارتی جریدے دی پرنٹ کے مطابق ملکی خارجہ پالیسی میں قیادت کا مفاد بڑھنے سے ریاستی سفارتی شناخت کمزور دکھائی دے رہی ہے۔ کانگریس رہنما پون کھیڑا نے بھی مودی کی خارجہ پالیسی کو ملکی مفاد کے بجائے صرف ذاتی دکھاوے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ دی پرنٹ کے مطابق مودی کی ناقص پالیسیوں کے باعث غیر ملکی سرمایہ کار بھارت کا بائیکاٹ کر رہے ہیں۔ مغربی ایشیا بحران اور ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت پر مودی حکومت کا خوف کھل کر سامنے آیا ہے۔ مودی کی ظاہری نمائش کے برعکس عالمی مذاکرات میں بھارت کی کوئی جگہ نہیں دکھائی دی۔ دوسری جانب بھارتی دفاعی ماہر پروین ساہنی کے مطابق جنوبی ایشیا میں مودی کی مکمل سفارتی ناکامی عالمی سطح پر بھارت کی بدترین بے وقعتی ثابت ہوگی۔ مودی کے خوف اور دکھاوے کی سیاست نے دنیا بھر میں بھارت کی عزت خاک میں ملا دی ہے۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

میں دونوں رہنماؤں نے خطے میں کشیدگی میں کمی پر اطمینان کا اظہار کیا اور دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے سوئٹزرلینڈ کے شہر برگن اسٹاک میں ہونے والے مشترکہ اعلامیے پر ایرانی ہم منصب کو مبارکباد دی اور کہا کہ یہ پیش رفت ایران کی حکومت اور قیادت کی سنجیدہ اور مخل

محرم انتظامات مثالی ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کارکردگی سراہا

چوہدری منیب الحق نے امن و امان قیام پر انتظامیہ پولیس اور عوامی تعاون کو سراہا۔



اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق رکن صوبائی اسمبلی چوہدری منیب الحق نے محرم الحرام، بالخصوص یوم عاشورہ کے موقع پر ضلع اوکاڑہ میں کیے گئے سیکیورٹی اور انتظامی اقدامات کو مثالی قرار دیتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں چوہدری منیب الحق نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) اوکاڑہ نے محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے دن رات محنت کی۔ انہوں نے کہا کہ جلوسوں اور مجالس کے راستوں کی صفائی، رکاوٹوں کے خاتمے، ٹریفک کی مؤثر منصوبہ بندی اور فول پروف سیکیورٹی انتظامات کے باعث عزاداروں کو محفوظ اور پرامن ماحول میسر آیا، جو ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی بہترین حکمت عملی کا ثبوت ہے۔ چوہدری منیب الحق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر صوبہ بھر کی طرح اوکاڑہ میں بھی محرم الحرام کے دوران غیر معمولی سیکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ امن و امان کے قیام، مذہبی رواداری کے فروغ اور عزاداروں کے جان و مال کے تحفظ میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، جس پر ضلعی انتظامیہ پوری ذمہ داری کے ساتھ عمل درآمد کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) اوکاڑہ کی پوری تنظیم، منتخب نمائندے، عہدیداران اور کارکنان اس حساس موقع پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور شہر میں مذہبی ہم آہنگی، بھائی چارے اور پرامن ماحول کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کر رہے ہیں۔ چوہدری منیب الحق نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، سیکیورٹی ہدایات پر عمل کریں اور اتحاد، برداشت اور بھائی چارے کی فضا کو برقرار رکھنے میں اپنا مثبت کردار ادا کریں تاکہ ضلع اوکاڑہ میں محرم الحرام کے تمام اجتماعات اور جلوس پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوں۔

صحافی مہر اللہ یار مقدمہ پر تحقیقات مطالبہ

ایم پی اے نے غیر جانبدارانہ انکوائری اور شفاف تفتیش مانگ لی۔

اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) صحافی مہر اللہ یار کی گرفتاری پر رکن صوبائی اسمبلی چوہدری غلام رضا ربیرہ کا سینئر صوبائی وزیر پنجاب کو خط لکھ کر تفتیش کسی سینئر آفیسر کی زیر نگرانی کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ضلع اوکاڑہ کے موضع مرولا شریف کے رہائشی صحافی مہر اللہ یار کی گرفتاری اور کاؤنٹر نارکوٹکس فورس تھانہ ساہیوال میں درج مقدمہ کی غیر جانبدارانہ انکوائری کے لیے حکومتی جماعت کے رکن صوبائی اسمبلی اوکاڑہ چوہدری غلام رضا ربیرہ نے سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کو خط لکھ کر مطالبہ کیا ہے کہ مہر اللہ یار ایک شریف اور نیک نام شہری ہے جس کا آج تک کسی قسم کی منشیات یا نارکوٹکس سرگرمی سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ گاؤں کے متعدد افراد حلفاً اپنے بیانات دینے کے لیے تیار ہیں کارروائی ایک مقامی تنازعہ اور ذاتی رنجش کے پس منظر میں ہوئی، جس کے باعث مقدمہ کے شفاف ہونے پر تحفظات موجود ہیں۔ مقدمہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے سینئر آفیسر کی زیر نگرانی کروائی جائے تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور انصاف کے تقاضے پورے ہوں۔ اس سے قبل علاقائی صحافیوں کی نمائندہ تنظیم ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل نے بھی خط لکھ کر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے اس مقدمہ کی تفتیش کے لیے جے آئی ٹی بنانے کا مطالبہ کر رکھا ہے، مہر اللہ یار کے خلاف مقدمہ کے اندراج پر ضلع بھر کی صحافی برادری بھی تحفظات رکھتی ہے۔

جامعہ اوکاڑہ سنڈیکیٹ اجلاس میں بجٹ اور نئے پروگرام منظور

ڈیڑھ ارب بجٹ منظور 4 نئے ڈگری پروگرامز کی منظوری جامعہ ترقی پر اعتماد کا اظہار۔

اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کی زیر صدارت جامعہ اوکاڑہ سنڈیکیٹ کا 29 واں اجلاس منعقد ہوا، جس میں جامعہ کی تعلیمی، انتظامی اور مالی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں مالی سال 2026-27 کے لیے تقریباً ڈیڑھ ارب روپے کے بجٹ کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔ اس کے علاوہ طلبہ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم فراہم کرنے کے لیے 44 نئے مارکیٹ پر مبنی ڈگری پروگرامز کی بھی منظوری دی گئی۔ سنڈیکیٹ نے جامعہ میں تدریسی اور انتظامی شعبوں کی استعداد کار بڑھانے کے لیے متعدد نئی آسامیوں پر تقرریوں کی منظوری دی، جبکہ رجسٹرار اور کنٹرولر امتحانات کی تقرریوں سے متعلق سفارشات بھی منظور کر لی گئیں۔ اجلاس کے دوران وائس چانسلر کی جانب سے متعارف کرائے گئے کلاس روم مانیٹرنگ نظام کو سنڈیکیٹ کے اراکین نے سراہتے ہوئے اسے تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے مؤثر اقدام قرار دیا۔ اسی طرح جامعہ اوکاڑہ کے اینڈومنٹ فنڈ میں نمایاں اضافے پر بھی اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے جامعہ اوکاڑہ کی مثالی ترقی، شفاف انتظامی امور اور مسلسل بہتر کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جامعہ اوکاڑہ اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں تیزی سے ترقی کرنے والے اداروں میں شامل ہو چکی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت پنجاب اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور جامعات کی استعداد کار میں اضافے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ اجلاس کے اختتام پر سنڈیکیٹ کے اراکین نے جامعہ اوکاڑہ کی مسلسل ترقی، ادارہ جاتی استحکام اور مستقبل کی حکمت عملی پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے منظور کیے گئے فیصلوں کو جامعہ کی مزید ترقی میں سنگِ میل قرار۔

ایچ نائن سنڈے بازار واقعہ، تحقیقات کیلئے آٹھ رکنی کمیٹی قائم کر دی گئی

اسلام آباد انتظامیہ کا بڑا اقدام ایچ نائن سنڈے بازار واقعے کی وجوہات اور نقصانات کی جامع تحقیقات کا حکم

OFFICE OF THE DISTRICT MAGISTRATE
ISLAMABAD CAPITAL TERRITORY
ISLAMABAD

No. 5(1)-R/2025/2026
Dated 23-06-2026

NOTICIFICATION

Autorities comprising of following members is constituted to inquire the incident of 19-6 Basar, Islamabad

i.	The Additional Deputy Commissioner (General), ICT	Convener
ii.	The Chief Officer, Metropolitan Corporation, Islamabad	Member
iii.	The Superintendent of Police (Rural), Islamabad	Member
iv.	The Director, District Emergency Officer, Rescue	Member
v.	The Director (E&M), CDA, Islamabad	Member
vi.	The Assistant Commissioner (Urban), ICT	Member
vii.	The Assistant Director Civil Defence, ICT	Member
viii.	Any other co-opted member	

i. The TOR's of the committee are as follow:

i. To assess the reactive time of the rescue services.
ii. To ascertain cause of the fire and potential human factors involved in its spread.
iii. To ascertain extent of damage.
iv. To find out the way for minimum operating the emergencies out of the venue.
v. Any other findings / recommendations.

ii. A report to this effect will be furnished within three days.

DISTRICT MAGISTRATE
ICT, ISLAMABAD

DISTRIBUTION:

- The Chief Commissioner, Islamabad
- The Commissioner Rawalpindi Division, Rawalpindi
- The Inspector General Police, Islamabad
- The Deputy Inspector General of Police (Operations), Islamabad with the request to assure sufficient police presence at the quasi-judicial or civil or committee constituted above.
- The Deputy Commissioner, Rawalpindi with the request to direct DEO Rawalpindi to assist the Committee Members.
- The Director, Municipal Administration, MCI, Islamabad with the request to depute DMO staff round the clock at the place of incident for the next 48 hours.
- All Committee Members.

اسلام آباد (پی پی اے) ضلعی انتظامیہ اسلام آباد نے ایچ نائن سنڈے بازار میں پیش آنے والے حالیہ واقعے کی تحقیقات کے لیے اٹھ رکنی کمیٹی تشکیل دے دی ہے ڈپٹی کمشنر آفس اسلام آباد کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن نمبر 1(13)-HC(G-)/2026 کے مطابق کمیٹی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ واقعے کی جامع تحقیقات مکمل کر کے اپنی رپورٹ تین روز کے اندر پیش کرے نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی کے کنوینر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل اسلام آباد ہوں گے جبکہ چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سوہان ڈائریکٹر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر راولپنڈی ڈائریکٹر ای اینڈ ڈی ایم سی ڈی اے اسسٹنٹ کمشنر آئی ایریا اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس اور دیگر متعلقہ افسران کمیٹی کے ارکان کے طور پر شامل ہوں گے کمیٹی کو ریسکیو سروسز کے رسپانس ٹائم کا جائزہ لینے آگ لگنے کی وجوہات اور اس کے پھیلاؤ کے عوامل کا تعین کرنے جانی و مالی نقصان کا تخمینہ لگانے محفوظ یا باقی ماندہ حصوں کو فعال رکھنے کے طریقہ کار کا جائزہ لینے اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے سفارشات مرتب کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسلام آباد نے نوٹیفکیشن کی نقول چیف کمشنر اسلام آباد کمشنر راولپنڈی ڈویژن انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس اور دیگر متعلقہ حکام کو ارسال کر دی ہیں ڈپٹی آئی جی آپریشنز کو ہدایت کی گئی ہے کہ کمیٹی کے دورے تک ایچ نائن سنڈے بازار میں پولیس کی اضافی نفری تعینات رکھی جائے جبکہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد کے ڈائریکٹر میونسپل ایڈمنسٹریشن کو 48 گھنٹے تک ڈیزاسٹر مینجمنٹ عملہ موقع پر موجود رکھنے کا حکم دیا گیا ہے

منشیات فروش مدثر حسین کو عمر قید سزا

عدالت نے آٹھ لاکھ جرمانہ اور اضافی قید بھی سنائی۔

حکم سنایا ہے عدم ادائیگی جرمانہ پر مجرم کو 6 ماہ قید مزید بھگتنا ہوگی۔

اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے بدنام زمانہ منشیات فروش کو سزائے عمر قید اور 8 لاکھ روپے جرمانہ کا حکم سنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ پولیس نے 2025 کو چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش مدثر حسین سے 11 کلو چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا تھا جس کا فیصلہ سناتے ہوئے ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ سیدہ نبیلہ جعفری نے مجرم مدثر حسین کو عمر قید اور 8 لاکھ روپے جرمانہ کا

محرم سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ کنٹرول روم اجلاس

ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے افسران کو الرٹ رہنے ہدایت

اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیر صدارت مرکزی کنٹرول روم میں محرم الحرام کے سلسلہ میں اجلاس، اجلاس میں محرم الحرام کے دوران سیکیورٹی انتظامات، مانیٹرنگ اور تمام متعلقہ محکموں کے مابین کوآرڈینیشن کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے کنٹرول روم میں مانیٹرنگ کے نظام اور محکموں کی باہمی ورکنگ بارے بریفنگ لی اور افسران اور اہلکاروں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے فرائض انتہائی تندہی اور ذمہ داری سے انجام دیں۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام اور شہریوں کا تحفظ سب سے اہم ہے، اس سلسلہ میں کسی بھی قسم کی غفلت سے کام نہ لیا جائے۔ ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے سیکیورٹی اہلکاروں کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے کڑی نظر رکھی جائے اور شر پسند عناصر کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔

پاکستان کو دنیا بھر میں پزیرائی ملنا خوش آئند ہے، سردار منصور حیات ٹمن

امریکہ کی جانب سے پاکستان کی تعریف نے تاریخ رقم کر دی ہے، صحافیوں سے گفتگو



اسلام آباد (پی پی اے) سابق رکن قومی اسمبلی سابق چیئرمین فنانس کمیٹی معروف ماہر معاشیات مسلم لیگ ن کے رہنما سردار منصور حیات ٹمن نے کہا ہے کہ پاکستان کو عالمی سطح پر جو پزیرائی ثالث کی حیثیت سے ملی ہے وہ خوش آئند ہے امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے بار بار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی تعریف سے پاکستان کا وقار بڑھا ہے گرے لسٹ میں جانے والوں کو آج سبکی ہوئی ہے ہمیں زرعی ترقی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ وفاقی بجٹ سے متعلق ان کا کہنا تھا کہ آنے والے دنوں میں مہنگائی بڑھے گی، بے روزگاری بھی بڑھے گی۔ ان کے کہنا تھا کہ عالمی سطح پر رونما ہونے والی تبدیلیوں کو مدنظر رکھ کر بجٹ بنانا چاہیے تھا ایک سوال کے جواب میں سردار منصور حیات ٹمن نے کہا کہ ایران غزہ یوکرین اور لبنان میں ری کنسٹرکشن ہونی ہے اس عالمی چیلنج کو مدنظر رکھنا چاہیے سردار منصور حیات ٹمن کا کہنا تھا کہ معیشت کی پائیدار بحالی کے لیے ٹھوس پالیسیاں بنانی ہونگی پاکستان میں ایک پیج پر ہونے کے لیے اتفاق رائے کے لیے مذاکرات مکالمہ جاری رکھا جانا چاہیے ہمیں مسائل کے حل کے لیے انتظام کاری جانب بڑھنا ہوگا ہمیں قومی بیانیہ کی تشکیل کے لیے تمام تر اختلافات بھلانے ہوں گے بات چیت مذاکرات سے تمام مسائل حل ہو سکتے ہیں ہمیں اندرونی معاملات بھی بات چیت سے حل کرنے کی جانب آنا ہوگا ایک سروے کے مطابق اڑھائی کروڑ آبادی کو دو وقت کی روٹی میسر نہیں حالات کو سدھارنے کے لیے ہمیں خوش فہمیوں کے گرداب سے باہر آنا ہوگا ہمیں اپنا دفاع مضبوط سے مضبوط بنانا ہوگا ہوائے ای اور بھارت پر مبنی نیا بلاک بن چکا ہے دشمن سوچ بدلے گا اس لیے اس کی سوچ کے مطابق اقدامات اٹھانے ہونگے ضرورت اس امر کی ہے کہ عام بندے تک اپنا قومی بیانیہ پہنچانا ہوگا اتفاق رائے قائم کرنا ہوگا سیاسی ڈائیلاگ جاری رکھا جائے مفاہمت کے رستے کھلے رکھیں جائیں

اسلام آباد میں صنفی بنیاد پر تشدد کے تدارک کیلئے قومی کانفرنس، مینٹورشپ فورم کے قیام کا اعلان

'کنیکٹڈ فار کیئر' کانفرنس اختتام پذیر، متاثرہ افراد کے لیے پائیدار اور مؤثر معاونتی نظام پر اتفاق



اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد میں دو روزہ قومی کانفرنس کنیکٹڈ فار کیئر جو اسلام آباد کے بیسٹ ویسٹرن ہوٹل میں وزارتِ انسانی حقوق کے زیر اہتمام اسٹریٹجنگ پارٹیسپیٹری آرگنائزیشن اور اقوامِ متحدہ کے پاپولیشن فنڈ پاکستان کی تکنیکی معاونت اور ترقیاتی شراکت داروں فارن کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس اور نیدرلینڈز کے سفارت خانے کی مالی معاونت سے منعقد ہوئی 23 جون 2026 کو اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوئی پہلے روز نے ایک واضح ایجنڈا متعین کیا جس میں وزارتِ انسانی حقوق اور کے اعلیٰ سطحی مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان میں تقریباً ہر تین میں سے ایک شادی شدہ خاتون اپنی زندگی میں کسی نہ کسی شکل کے تشدد کا سامنا کر چکی ہے جبکہ تفتیش اور کیس پراسیسنگ کے نظام میں موجود سنگین خلا متاثرہ افراد کو انصاف کی فراہمی میں رکاوٹ ہیں، اور مربوط و متاثرہ فرد پر مرکوز صنفی بنیاد پر تشدد کیس مینجمنٹ ایک قومی ضرورت ہے۔ پانچوں خطوں سے مصدقہ ٹریزز کی صوبائی پوسٹر پریزنٹیشنز میں مشترکہ رکاوٹیں سامنے آئیں جن میں کمزور ریفرل کوآرڈینیشن، سماجی بدنامی اور ناکافی نگرانی شامل تھیں، جبکہ ساتھ ہی مؤثر فیلڈ پریکٹسز بھی اجاگر ہوئیں۔ دوسرے روز ان مباحث کو ادارہ جاتی وعدوں اور عملی اقدامات میں تبدیل کیا گیا محترمہ مہرین جسوال کنسلٹنٹ اقوامِ متحدہ کے پاپولیشن فنڈ پاکستان یو این ایف پی اے پاکستان نے شادی شدہ اور نوعمر لڑکیوں کے لیے صنفی بنیاد پر تشدد جی بی وی کیس مینجمنٹ پر ایک سیشن کی سہولت کاری کی جس میں علاقائی نتائج کی روشنی میں ایک اہم سروس گیپ کو اجاگر کیا گیا ان کے مطابق شادی شدہ لڑکیاں منظم طور پر نہ صرف صنفی بنیاد پر تشدد کی خدمات بلکہ بچوں کے تحفظ کے فریم ورک سے بھی باہر رہ جاتی ہیں غیر مربوط نظام کی خامیوں کے باعث مدد کے دائرے سے باہر ہو جاتی ہیں اور اکثر برسوں تک تشدد کے تسلسل یا شدید بحران کی صورتحال تک مدد حاصل نہیں کر پاتیں انہوں نے ایک مربوط اور پل کا کردار ادا کرنے والے طریقۂ کار کی ضرورت پر زور دیا جس کے تحت شادی شدہ لڑکیوں کو دستیاب خدمات سے فعال طور پر آگاہ کیا جائے اور متاثرہ فرد پر مرکوز اصولوں کو مکمل طور پر یقینی بنایا جائے انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان میں معاشی انحصار قانونی تضادات اور کم عمری کی شادی کے معمول بنے ہوئے رجحانات سے نمٹے بغیر صرف جی بی وی کیس مینجمنٹ دیرپا تحفظ فراہم نہیں کر سکتی اس کے بعد، ایک پینل مباحثہ منعقد ہوا جس کی میزبانی محترمہ ماہ جبین قاضی ہیڈ آف کے پی آفس اقوامِ متحدہ کے پاپولیشن فنڈ پاکستان یو این ایف پی اے پاکستان نے کی جس میں اس بات کا جائزہ لیا گیا کہ صنفی بنیاد پر تشدد جی بی وی کیس مینجمنٹ کی مہارتوں کو کس طرح جامعات تعلیمی اداروں اور پیشہ ورانہ تربیتی اداروں کے نظام میں ادارہ جاتی طور پر شامل کیا جا سکتا ہے تاکہ فارغ التحصیل افراد عملی میدان میں پہلے ہی سے تیار ہوں پنجاب اور خیبر پختونخوا کو نصاب میں انضمام کے حوالے سے صوبائی سطح پر قائدانہ کردار ادا کرنے والے صوبوں کے طور پر پیش کیا گیا خیبر پختونخوا کے محکمہ سماجی بہبود نے بتایا کہ معیاری آپریٹنگ طریقۂ کار ایس او پیز میں صنفی بنیاد پر تشدد جی بی وی کیس مینجمنٹ کو شامل کرنے سے فیلڈ سطح کی عملی کارکردگی میں واضح بہتری آئی ہے جہاں عملہ اب اخلاقی طور پر حساس انکشاف اور متاثرہ افراد کی ضروریات کو مرکزیت دیتے ہوئے کیسز کو محض طریقۂ کار کی تعمیل کی بجائے ایک انسانی اور ذمہ دارانہ انداز میں ہینڈل کر رہا ہے۔ شرکاء نے ایسے مستقل خلا کی نشاندہی بھی کی جن پر خصوصی توجہ درکار ہے جن میں مسلسل مینٹورشپ سپورٹ بحران مراکز میں معذور افراد کی شمولیت اور غیر اردو بولنے والے صنفی بنیاد پر تشدد کے متاثرین کے لیے باقاعدہ ترجمانی کے انتظامات شامل ہیں محترمہ زہرہ کمال کلینیکل سائیکالوجسٹ اور مینٹل ہیلتھ اسپیشلسٹ نے صنفی بنیاد پر تشدد جی بی وی کیس مینجمنٹ میں مینٹورشپ اور سپرویژن کو ایک ادارہ جاتی اور ساختیاتی اسٹرکچرل آلے کے طور پر موضوع بناتے ہوئے ایک سیشن کی قیادت کی انہوں نے مینجمنٹ سپرویژن اور ٹیکنیکل کیس سپرویژن کے درمیان ایک اہم فرق واضح کیا جسے ادارے اکثر نظر انداز کر دیتے ہیں اور جس کے نتیجے میں سنگین عملی اور انسانی اخراجات سامنے آتے ہیں انہوں نے سپرویژن کو ثانوی ذہنی صدمے سیکنڈری ٹراماٹائزیشن سے بچاؤ کا ذریعہ اخلاقی احتساب کے نظام کا ایک ذریعہ اور پالیسی اور فیلڈ پریکٹس کے درمیان ایک پل کے طور پر پیش کیا شرکاء نے سپرویژن کلچر کی تشکیل میں موجود اہم رکاوٹوں کی نشاندہی کی جن میں انتظامی بوجھ عملے کی ذہنی و جسمانی تھکن برن آؤٹ اور ایسے با قاعدہ نظام کی عدم موجودگی شامل ہے جو سپرویژن کو ایک اختیاری اضافے کی بجائے ایک لازمی ضرورت بنائے کانفرنس کا بنیادی نتیجہ قومی صنفی بنیاد پر تشدد جی بی وی کیس مینجمنٹ مینٹورشپ فورم کا قیام ہے یہ کانفرنس کا ایک اہم ادارہ جاتی سنگِ میل ہے جو چاروں صوبوں اور اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری آئی سی ٹی میں موجود مصدقہ ٹریزز کو باہم منسلک کرتا ہے تاکہ ہم مرتبہ نگرانی پیئر سپرویژن علم کے تبادلے اور مربوط وکالت کے ذریعے صنفی بنیاد پر تشدد کے ردعمل کے نتائج کو مزید مؤثر بنایا جا سکے اختتامی کلمات میں سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان سائرہ عطا اور ڈائریکٹر آئی سی وزارتِ انسانی حقوق عارف لغاری نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت سول سوسائٹی اور ترقیاتی شراکت داروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ وہ صنفی بنیاد پر تشدد کے ردعمل اور اس کی روک تھام کے لیے اپنی کوششوں کو مزید مؤثر بنائیں انہوں نے اس امر کی اہمیت اجاگر کی کہ کیس ورکرز کو متاثرہ فرد پر مرکوز سروائیور سینٹرڈ کیس مینجمنٹ کی مہارتوں سے آراستہ کیا جائے جس میں قانونی طریقۂ کار، دستاویزی عمل اور ریفرل میکانزم کی مکمل سمجھ شامل ہو انہوں نے بین الصوبائی سیکھنے اور تعاون کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ کیس مینجمنٹ کو حکومتی نظاموں معیاری آپریٹنگ طریقۂ کار اور تعلیمی نصاب میں مستقل طور پر ادارہ جاتی طور پر شامل کیا جائے انہوں نے مربوط ردعمل کو مضبوط بنانے اور پاکستان بھر میں متاثرہ افراد کے لیے طویل المدتی اور پائیدار معاونت کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا کانفرنس کنیکٹڈ فار کیئر پاکستان میں صنفی بنیاد پر تشدد جی بی وی کے ردعمل کے منظرنامے میں ایک اہم سنگِ میل کے طور پر اختتام پذیر ہوئی جس نے محض تربیتی اشاریوں سے آگے بڑھتے ہوئے وہ ادارہ جاتی مینٹورشپ اور باہمی روابط پر مبنی ڈھانچہ تشکیل دینے کی سمت پیش رفت کی جو پائیدار اور متاثرہ فرد پر مرکوز سروائیور سینٹرڈ نگہداشت کے لیے ضروری ہے ایس پی او کے بارے میں اسٹریٹجنگ پارٹیسپیٹری آرگنائزیشن ایس پی او پاکستان کی ایک معروف سول سوسائٹی تنظیم ہے جو ملک بھر میں بچوں خواتین اور کمزور طبقات کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کے لیے کام کرتی ہے یو این ایف پی اے پاکستان کے بارے میں یو این ایف پی اے اقوام متحدہ کا تولیدی و جنسی صحت کا ادارہ ہے یو این ایف پی اے پاکستان حکومت اور سول سوسائٹی کے ساتھ مل کر جنسی و تولیدی صحت اور حقوق کو بہتر بنانے صنفی بنیاد پر تشدد کی روک تھام اور اس کے تدارک اور خواتین و لڑکیوں کے حقوق اور بااختیاری کے فروغ کے لیے کام کرتا ہے

مہنگائی کے خلاف عوام کا نوٹس لینے مطالبہ

اشیائے ضروریہ سستی کرنے اور گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

دیپال پور (محمد اشرف سے) دیپال پور مہنگائی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ دالیں، چینی، آٹا، گھی اور دیگر اشیائے ضروریہ کے نرخوں میں خاطر خواہ کمی دیکھنے میں نہیں آ رہی، جبکہ ٹرانسپورٹ کے اخراجات بھی کم ہو چکے ہیں۔ عوامی حلقوں نے انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گراں فروشی کا فوری نوٹس لیا جائے اور دکانداروں کو سرکاری نرخوں کا پابند بنایا جائے تاکہ غریب اور متوسط طبقے کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ متعلقہ حکام سے اپیل ہے کہ مارکیٹوں میں چیکنگ کا مؤثر نظام بنایا جائے اور ناجائز منافع خوری کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

پاکستان کو درپیش داخلی و خارجی چیلنجز کا مقابلہ درس کربلا پر عمل پیرا ہو کر ہی کیا جا سکتا ہے۔

امام حسینؓ اور ان کے جانثار ساتھیوں نے دین اسلام کی سربلندی، حق کی حفاظت اور امت مسلمہ کی رہنمائی کے لیے عظیم قربانیاں پیش کیں

کراچی رائیونڈ (دادوشاہ سے) جمعیت علماء پاکستان اور ملی یکجہتی کونسل کے صدر ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے بھٹی گوٹھ حیدرآباد میں منعقدہ سید الشہداء کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ کربلا حق و باطل کے درمیان ایک عظیم معرکہ تھا جس نے قیامت تک آنے والی نسلوں کو ظلم، جبر اور باطل قوتوں کے خلاف ڈٹ جانے کا درس دیا۔ انہوں نے کہا کہ امام حسینؓ اور ان کے جانثار ساتھیوں نے دین اسلام کی سربلندی، حق کی حفاظت اور امت مسلمہ کی رہنمائی کے لیے عظیم قربانیاں پیش کیں۔ آج امت مسلمہ کو کربلا کے پیغام کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ معاشرے میں عدل، انصاف، اتحاد اور اخوت کو فروغ دیا جا سکے۔ ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں صبر، استقامت، ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے۔

اسلام آباد میں یومِ پرتگال کی پروقار تقریب، پاک۔ پرتگال دوستی کے 76 سالہ سفر کا جشن

پاکستان اور پرتگال کے مضبوط سفارتی تعلقات کو خراجِ تحسین، دارالحکومت میں شاندار استقبالیہ تقریب

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد میں یومِ پرتگال کا موئش اور پرتگالی کمیونٹیز کے حوالے سے ایک پروقار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں حکومتِ پاکستان کے نمائندوں سفارتی برادری کاروباری شخصیات ماہرینِ تعلیم میڈیا نمائندگان پرتگالی کمیونٹی کے اراکین اور پرتگال کے دوستوں نے شرکت کی تقریب میں پاکستان اور پرتگال کے درمیان 76 سالہ سفارتی تعلقات کی تکمیل کا جشن منایا گیا اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی باہمی احترام اور مختلف شعبوں میں بڑھتے ہوئے تعاون کو اجاگر کیا گیا منتظمین نے تقریب میں شرکت کرنے والے تمام مہمانوں شراکت داروں معاون اداروں اور دوست ممالک کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بھرپور شرکت نے اس تقریب کو یادگار بنا دیا تقریب کے کامیاب انعقاد میں مختلف اداروں کی معاونت کو بھی سراہا گیا اس موقع پر شرکاء نے ثقافتی ہم آہنگی دوستانہ تعلقات مکالمے اور شراکت داری کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا

اسلام آباد کے دیہی علاقوں کے لیے تاریخی تحفہ، کنگ سلیمان ہسپتال منصوبہ عملی مرحلے میں داخل

راجہ خرم نواز کی کاوشوں سے دیہی علاقوں میں صحت کے شعبے میں بڑی پیش رفت، کنگ سلیمان ہسپتال ترلائی کی تعمیر کے لیے ٹینڈر جاری

اسلام آباد (پی پی اے) رکنِ قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے چیئرمین راجہ خرم نواز کی مسلسل کاوشوں کے نتیجے میں اسلام آباد کے دیہی علاقوں کے عوام کے لیے صحت کی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ایک اہم سنگِ میل عبور کر لیا گیا ہ